بمباری کی ہے۔ ان ذرائع کا خیال ہے کہ بمباری کا اصل ہدف وارسک ڈیم تھا۔ بمباری کا اصل ہدف کچھ بھی رہا ہو جنیوا سمجھوتے کے بعد افغان طیاروں کا پاکستان کے اندر اس قدر دور تک چلے آنا اور بمباری کرنا کھلی جارحیت کے مترادف ہے۔ افغان طیاروں کی اس کھلی اور کامیاب جارحیت نے پوری قوم کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔ لہٰذا ملکی سلامتی کے حامل اس مسئلے پر ایوان میں فوری بحث کی جائے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : قاضی صاحب نے بھی نوٹس دیا ہے لیکن چونکہ وہ تشریف نہیں رکھتے اس لیئے یہ ڈراپ کیا جاتا ہے۔

Is it being opposed? Who is responding from the government side?

**Mr. Mahmood A. Haroon :** As far as this is concerned, I would like to make a statement on the subject.

جناب محمد طارق چوہدری : جناب اگر یہ اس کو اپوز کر رہے ہیں۔ تو پہلے ہم اپنی بات کریں گے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : کیا آپ نے اپوز کر دیا ہے ؟

جناب محمود اے ہارون : جی ہاں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : ان کو پہلے بریف کر لے دیں پھر آپ اپنی سٹیٹمنٹ دے دیں۔ اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب عالی !

جناب محمد طارق چوہدری : کیا منسٹر صاحب اسکی مخالفت کر رہے ہیں۔

**Mr. Acting Chairman :** He said that he is opposing the motion but he will be making a statement as the members has asked for a brief statement. So, let them explain it. Then, the Minister will make a statement.

**Syed Abbas Shah :** I think he has admitted the motion.

**Mr. Acting Chairman :** No, he has opposed but at that time you were busy with books. Akhunzada Behrawar Saeed.

اخونزادہ بہرہ ور سعید : آپ ہی اپنی اداؤں پر ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

بہت افسوس کے ساتھ گزارش کروں گا کہ وزیر دفاع اس اہم ترین تحریک التوا کی مخالفت کر رہے ہیں۔ جناب عالی! جوں جوں مجاہدین افغانستان میں آگے بڑھ رہے ہیں، افغانستان کے طیارے پاکستان میں داخل ہو کر جو جی چاہے کر رہے ہیں اور ہماری طرف سے ایک ہی جواب آتا ہے کہ یہ بہت سنگین واقعہ ہے، ہم نے اس کا بڑا سیریس نوٹس لیا ہے۔ افغانستان کے سفیر یا جو بھی عہدیدار ہیں ان کو دفتر خارجہ میں بلا کر ایک نوٹ پکڑوا دیا اور بس۔ میرے خیال میں وہ نوٹ بھی اب ان کے پاس کیسٹ میں بند ہے یا پرنٹڈ فارم میں ہے۔ جو واقعہ ہوتا ہے ان کو بلا کر اس کو دے دیتے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! پشاور میں ایک بات مشہور ہے کہ جب دو آدمی لڑتے ہیں تو کمزور اس طاقتور کو کہتا ہے 'تو وت مار' جب وہ دوسرا تھپڑ لگاتا ہے تو وہ کہتا ہے 'تو وت مار' جب تیسرا تھپڑ لگاتا ہے تو پھر کہتا ہے 'تو وت مار'۔ یہ 'وت مار' والی بات ہو گئی ہے۔ جب بھی وہ آتے ہیں ہم کہتے ہیں بس۔

be prepared for the consequences and they are prepared.

جناب والا! جس جگہ بمباری ہوئی ہے جہاں کسان کی زندگی ختم ہو گئی ہے ان کے لیے پچاس ہزار روپیہ ایک شہید کا اور تیس ہزار اور دس ہزار روپے زخمیوں کے لیے معاوضہ رکھ دیا ہے۔ میں حکومت سے یہ پوچھوں گا کہ کوئی بات نہیں ایک دو وزیر کریں اپنے آپ کو ختم کرنے کے لیے پیش کریں۔ پچاس پچاس ہزار روپے ان کے ورثا کو میں دے دوں گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : بہرہ ور صاحب۔ قطع کلامی معاف۔ کیونکہ ٹائم بھی بہت کم ہے اور سب حضرات نے بولنا بھی ہے۔ لہٰذا ایڈمیسبلٹی پر تھوڑی سی بات ہو جائے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : جناب! میں یہ عرض کروں گا کہ یہ کوئی ایک solitary واقعہ نہیں ہے۔ یہی واقعہ اس سے پہلے شبقدر کی طرف ہوا ہے۔ یہ علاقہ چونکہ سارا سرحد پر ہے لہٰذا یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ دوسری چیز ہے کہ یہ حالیہ واقعہ ہے۔ یہ پیر کے روز ہوا ہے واقعہ اور یہ قومی اہمیت کا حامل ہے۔ جناب! جس پہاڑ کے دامن میں یہ دو گاؤں واقع ہیں یہ میرے گاؤں

[Akhunzada Behrawar Saeed]·

سے کوئی دو میل دور ہیں ۔ اس پہاڑ کی چوٹی پر ہمارا ایک ریڈار سٹیشن ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ وہ ریڈار سٹیشن کس واسطے ہے، کیا وہ لوگ سوئے ہوئے تھے ۔ جہاں سے افغانستان کے جہاز اس علاقے میں داخل ہوئے وہاں ایک شاہی پہاڑی ہے وہ اس پہاڑی سے اونچی ہے ۔ اگر وہ چترال سے داخل ہوئے تو اس کی اونچائی بھی اس پہاڑی سے زیادہ ہے ۔ اگر وہ باجوڑ سے داخل ہوئے ہیں تو اس کی اونچائی بھی اس پہاڑی سے زیادہ ہے ۔ تو کیا ریڈار اس کو لوکیٹ نہیں کر سکتا تھا اور اگر اس نے لوکیٹ کیا ہے تو کیوں ایکشن نہیں لیا گیا، اس پر یہ خاموشی کیوں ہے ۔ جناب میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ ہمارے ریڈار بھی کیوں فیل ہو گئے ہیں ۔ ہمارے ریڈار بھی کیوں کام نہیں کرتے ۔ میں یہ پوچھوں گا کہ وہ ہمارے دوستوں کے اواکس کہاں گئے ۔ وہ کب ہمیں ملیں گے ۔ ہم صرف خوش فہمی میں مبتلا ہیں ۔ اگر ان سے کچھ نہیں ہوتا تو کم از کم ہمیں تو اجازت دیں ۔ ہم اپنی طرف سے جو کر سکتے ہیں وہ تو کریں ۔ ہم صرف ان کی طرف نہ دیکھتے رہیں ۔ جہاں ہمارے بچے مرتے ہیں، ہماری مائیں مرتی ہیں اور بہنیں مرتی ہیں ۔ گاؤں کے گاؤں تباہ ہوتے ہیں ہم کب تک خاموش تماشائی بن کر رہیں گے ۔ اس لئے جناب والا! میں گزارش یہ کروں گا چونکہ آپ کہتے ہیں کہ وقت کم ہے میں زیادہ تفصیلی بات بعد میں کروں گا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بہت ہی اہم چیز ہے اور اس پر اس ایوان کی کارروائی روک کر مفصل تقاریر کرنے کا موقع فراہم کیا جائے ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ! پروفیسر خورشید صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! محترم اخونزادہ صاحب کے خیالات کی تائید کرتے ہوئے اس پر اضافہ کرنے کے لئے میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ غالباً اس مسئلے کو تو چیلنج نہیں کیا جا سکتا کہ یہ قومی اہمیت کا مسئلہ ہے، پاکستان کے دفاع سے اس کا تعلق ہے، پاکستان کے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ سے اس کا تعلق ہے، پاکستان کی خارجہ پالیسی سے اس کا تعلق ہے ۔ لیکن میں جس پہلو پر خصوصیت سے توجہ دینا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اس وقت ملک نازک حالات سے گزر رہا ہے ۔ اس پس منظر میں یہ دونوں جگہ جو trespass پاس کیا گیا ہے اور جو نقصان پہنچایا گیا ہے اس کی ایک خاص اہمیت ہے اور اس پس منظر نے دراصل ان واقعات کو unique اور منفرد بنا دیا ہے ۔ وہ پس منظر یہ ہے کہ اگر آپ یکم اگست سے کابل ریڈیو، ماسکو

ریڈیو اور انڈیا ریڈیو، کو مانیٹر کریں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ بلا استثنا ہر روز پاکستان کے لیئے مختلف نوعیت کے threats دیئے جاتے ہیں۔ میرے پاس یہ رپورٹس موجود ہیں یکم اگست سے لے کر ۲۵، ۲۶ اگست تک کی۔ جن میں مختلف انداز میں یہ صاف وارننگ دی گئی ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی پاکستان کی افغان پالیسی ہم نہیں چلنے دیں گے اور اس کے لیئے ہمارے اوپر پریشر ڈالا جارہا ہے۔ ایک سٹیج پر انڈیا ریڈیو نے جو الفاظ استعمال کیئے ہیں وہ یہ ہیں۔ یہ صدر صاحب کی شہادت سے پہلے کا ذکر ہے۔

The General of Islamabad should understand that he has no legs and it will only bring disgrace and humiliation to Pakistan.

یہ ہے وہ پس منظر جس میں وہ اپنی سیاسی قوت دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پچاس میل تک ۸۰ کلومیٹر تک دوبار ایک ہفتہ کے اندر پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہو کر بمباری کرنا اور بحفاظت واپس چلے جانا، یہ پاکستان کی سیکورٹی کے لیئے ایک خطرہ ہے اور ایک ایسا اقدام ہے جس کا چیلنج نہ کیا جانا فوجی لحاظ سے ایک خطرہ ہے۔ پاکستانی قوم کے وقار کے بھی منافی ہے۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کو مؤثر طور پر آئندہ لے کر چلنے کے لیئے بھی خطرہ ہے۔

جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ خارجہ پالیسی محض تقاریر کا نام نہیں ہے، سیاست، معیشت اور دفاعی قوت یہ تینوں مل کر ایک ملک کی خارجہ پالیسی کو لے کر چلتی ہیں۔ ان نازک حالات میں اگر ہم نے کسی قسم کی کمزوری دکھائی، دب گئے، پیچھے ہٹ گئے، دشمن کو یہ موقع دیا کہ وہ پاکستان کی سرزمین کو اپنی چراہ گاہ بنالے، جب چاہے سیر کرنے کو آجائے، جب چاہے بم پھینکے، جب چاہے بچوں کو شہید کردے، جب چاہے سویلین آبادی کو تہ و بالا کر دے، اس طرح جناب والا! اس ملک کا دفاع بڑا کمزور ہو جائے گا اور آپ اپنی خارجہ پالیسی نہیں چلا سکیں گے۔ اس لیئے اس خاص پس منظر میں اس بات کی ضرورت ہے کہ ائر فورس، اینٹی ائر کرافٹ، گراؤنڈ ٹو ائر میزائیل جو ہمارے پاس ہیں اور الحمدللہ ہماری افواج ان کو استعمال کرنے کی اہل ہیں، ان کے اندر وہ جرأت بھی ہے، وہ صلاحیت بھی ہے لیکن یہ فیصلہ سیاسی فیصلہ ہوتا ہے، یہ فیصلہ حکومت کا فیصلہ ہوتا ہے

[Prof. Khurshid Ahmed]

اور اگر حکومت نے اس وقت کوئی کمزوری دکھائی تو یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی، پاکستان کے وجود اور اس پورے علاقے میں جو ایک سٹریٹیجک رول پاکستان ادا کر رہا ہے اس کی نفی ہوگی، ان خاص حالات میں اس بات کی ضرورت ہے کہ قوم کو اعتماد میں لیا جائے، یہ ایوان اپنے جذبات کا اظہار کرے، کابل دہلی اور ماسکو کو معلوم ہو کہ پاکستانی قوم اس قسم کی warnings کو اس قسم کے incursions کو برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے۔ ہم آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دشمن کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ وہ ہم سے زیادہ قوی ہیں، ہم ان کے مقابلے میں کیا پوزیشن رکھتے ہیں، میری نگاہ میں غیر متعلق ہے۔ جب مسئلہ اپنی عزت کا ہو، اپنی آزادی کا ہو تو پھر انسان اپنی جان پر کھیل کر یہ کام کرتا ہے اور ہم نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ روس جو ایک سپر پاور تھا ہم نے افغانستان میں اس کی بالادستی کو تسلیم نہیں کیا۔ ہم نے چیلنج کیا اور خدا کا شکر ہے کہ افغان مجاہدین نے اپنی تمام بے سروسامانی کے باوجود روس کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا۔ اس پس منظر میں اور اس نازک لمحے پر پاکستان کی طرف سے اتنا سہل انگاری کا، اتنا کمزور اور meak response جو ہے یہ نہایت ہی خطرناک ہے۔ جیسا کہ میرے دوست نے کہا کہ اگر اس جغرافیے پر آپ نگاہ ڈالیں تو پاکستان کے لئے بالکل ممکن تھا کہ اس کے راڈار اسے بتائیں گے کہ کب یہ incursion ہو رہا ہے۔ اس کو چیلنج کیا جا سکتا تھا اور میری نگاہ میں تینوں ذرائع سے کیا جا سکتا تھا۔ ہمارے ائیر کرافٹس بھی intercept کر سکتے تھے۔ ہمارے گراؤنڈ ٹو ائیر میزائل ان کی خبر لے سکتے تھے۔ ہماری اینٹی ائیر کرافٹ گنز جو ہیں وہ ان کو خاموش کر سکتی تھیں لیکن اس موقع پر ہماری خاموشی کو ہماری کمزوری سمجھا جائے گا اور اس کو غلط معانی پہنائے جائیں گے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس موقع پر حکومت کو ہمت اور جرأت کے ساتھ کام لینا چاہیئے اور یہ بتا دینا چاہیئے کہ محض افغانستان کے کسی نمائندے کو فارن آفس میں بلا کر پروٹسٹ نوٹ دینے سے یہ کام نہیں چلے گا آپ کو مکے کا جواب مکے سے دینا ہوگا اور جبھی آپ اس ملک کا دفاع کر سکیں گے۔

**جناب قائم مقام چیئرمین**: شکریہ! جناب جاوید جبار صاحب۔

**Mr. Javed Jabbar :** Thank you, Mr. Chairman. The basic issue, I think, raised by the adjournment motion beyond the physical aspect of the incursion is the fact of parliamentary sovereignty over foreign policy. In our recent history, it is well known that our foreign policy was really the creation of the late President and while one can endorse unequivocally the support to the struggle of the Afghan people against the presence of foreign troops on their soil, I would like to point out that since the last week of July, well over two weeks before, the tragic death of our late President, the Foreign Minister of Pakistan has conducted two important visits—one to Moscow, one to Washington and on this subject I had attempted to move a motion in the previous session of the Senate to persuade him to make a statement on the floor of the House taking the House into confidence on the nature of the discussions that he held in Moscow and Washington. But unfortunately, as has become a custom with certain honourable Ministers they tend to use the method of press conferences rather than the floor of the House to engage in a full-scale disclosure or a debate on issues of vital concern.

Also, Mr. Chairman, this particular adjournment motion throws light on the fact that on the 15th of August and on the 16th of August, certain statements were issued from Moscow and New Delhi which merited immediate attention. Now, taken altogether the sequence of events over the past three and a half weeks represent a very crucial phase of both foreign policy and defence policy. Now, the peculiar nature of ministerial duty such as that we have to play a game of hide and seek with our distinguished Foreign Minister because he is so pre-occupied to attend to business in overseas capitals that we barely get to see him and when we get to see him there are other subjects on the normal list of business. Therefore, this adjournment motion should be used as an opportunity to focus immediate parliamentary authority and sovereignty over the review of foreign policy necessitated by the events of the past three weeks in which the tragic event of the 17th of August is one even but not the only event and while continuing possibly some aspects of our policy which consist of supporting possibly a coward action, it is necessary to examine the weaknesses of what we claim to have a successful foreign policy in Afghanistan. Let us not assume that simply because our policy was morally correct and merely because the Soviet Union is withdrawing its troops that all aspects of our foreign policy are correct and effective. So, therefore, one requests the government to ensure that on his return from Nikosia, the Foreign Minister alongwith the Defence Minister will be able to take the House into complete confidence on this vital issue. Thank you.

**Mr. Acting Chairman :** Thank you. Syed Abbas Shah.

سید عباس شاہ : جناب والا ! جس واقعہ کی طرف میں نے اس ہاؤس کی توجہ دلائی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ اس پر بحث ہو وہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے کیونکہ پاکستان کی territorial integrity کے against ایک naked

[Syed Abbas Shah]

aggression ہوا ہے، میں یہ بھی ضرور سمجھتا ہوں اس موقع پر جیسے میرے دوستوں نے کہا ہے کہ اس مسئلے کو خالی ٹیکنیکل بنیاد پر اپلوز نہیں کرنا چاہیئے بلکہ اس پر بحث ہونی چاہیئے کیونکہ اس وقت جو ہماری حکومت ہے وہ دنیا کی نظروں میں یقیناً unrepresentative ہو گی لیکن آج اس ایوان میں ہم یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ صدر ضیاء الحق کے وقت سے جو فارن پالیسی اور ڈیفنس پالیسی ہمارے ملک کی چل رہی تھی ہم اس کو سپورٹ کرتے ہیں اور یہ ایک ایسا موقعہ ہوگا کہ ہم دنیا پر ثابت کریں گے کہ افغان مسئلے پر یا دنیا کے کسی اور مسئلے پر پاکستان کی جو پالیسی ہے وہ قوم ۔۔۔۔ کیونکہ یہ ہاؤس جو ہے قوم کا نمائندہ ہاؤس ہے اور آج خوش قسمتی سے مختلف جماعتوں کے ممبران جیسے کہ پروفیسر خورشید احمد صاحب جماعت اسلامی کے ممبر ہیں، میں پاکستان مسلم لیگ سے ہوں جو حکومت میں نہیں ہے ہماری ایک آواز ہے اور اسی طرح جناب جاوید جبار صاحب بھی ایک کلاس کی نمائندگی کر رہے ہیں گویا اس ایوان میں ملک کے ہر طبقے کی آواز ہے ۔ اس تحریک پر بحث ہونی چاہیئے اور جیسا کہ جاوید جبار صاحب نے تجویز دی ہے کہ ہمارے وزیر خارجہ اور وزیر دفاع کو آگے آنا چاہیئے تاکہ قوم وہ verdict دے سکے اور وہ verdict آج اس ایوان بالا کے ذریعے سے ہو سکے گی تاکہ دنیا کو معلوم ہو سکے کہ ہم کسی طور پر پاکستان کے ساحل پر کسی قسم کے aggression کے لیئے تیار نہیں ہیں ۔۔۔ اور agression کا مقابلہ اپنے محدود وسائل کے باوجود کرتے رہے ہیں اور یہ کہ ہم اپنے ملک کا دفاع کر سکتے ہیں ۔

On this we must endorse and we are endorsing our support to our defence.

اپنی فوج کو اپنی اس حکومت کو اس کی پالیسی میں جو سپورٹ دینا چاہیں وہ یہاں پر ثابت ہو سکے اور یہاں پر اس مسئلے پر بحث ہو ۔ شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ ! جناب طارق چوہدری صاحب ۔

جناب محمد طارق چوہدری : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جناب بہرہ ور سعید صاحب پروفیسر خورشید صاحب، جاوید جبار صاحب اور سید عباس شاہ صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ تقریباً تمام پہلوؤں پر بحث کی ہے ۔ ہمارے متعلقہ وزیر اس مسئلے میں گھسنا نہیں

چاہ رہے تھے اور انہوں نے hesitation بھی کیا اس hesitate کے باوجود آپ نے ان کو مجبور کر دیا کہ وہ کھڑے ہو کر اس کو اپوز کریں۔ حقیقتاً اور واقعتاً وہ اس کو اپوز کرنا بھی نہیں چاہ رہے تھے بس عادتاً ہو گیا۔۔۔

جناب قائم مقام چیئرمین : میرا کوئی حق نہیں بنتا کہ کسی کو کہوں کہ اپوز کرو یا نہ کرو۔

جناب محمد طارق چوہدری : عادتاً ہو گیا وہ ہے

مرنے کے بعد بھی میری آنکھیں کھلی رہیں
عادت جو ہو گئی تھی تیرے انتظار کی

وہ تو عادت مرنے کے بعد بھی نہیں جاتی ویسے اگرچہ میں نے خود بھی اس پہ تحریک التوا دی ہے لیکن میں بھی ان کی سائیڈ لینا چاہوں گا اور میں خود بھی یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ ایڈمسبل نہیں ہے اس لیئے کہ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ افغان طیاروں نے بمباری کی لہذا یہاں پر اس ہاؤس میں روسی اور افغانی نمائندے موجود نہیں ہیں لہذا حکومت کا یہ فرض ہے کہ ان کی طرف سے defend کرے اس لیئے بھی کہ یہ ایک مسلمان کی وسیع القلبی کا تقاضا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ افغان طیارے جو ہیں وہ ہمیشہ پشاور تک بمباری کر کے واپس چلے جاتے ہیں وہ کبھی اسلام آباد تک نہیں آئے لہذا یہ صوبائی مسئلہ ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ افغان طیارے اور افغان ہیلی کاپٹر بار بار آتے رہے ہیں، اترتے رہے ہیں، انہوں نے ان کے پائیلٹ بھی پکڑے ہیں وہ ہمیشہ خیر سگالی کے دورے پر آتے ہیں اور پھر آرام سے واپس چلے جاتے ہیں۔ اس دفعہ اگر یہ ان کو گرا لیتے ہیں، ان کو پکڑ لیتے ہیں تو پھر یہ پرابلم ہو جاتی ہے کہ خیر سگالی کے لیئے ان کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا ہے تیزی سے ان کو واپس کرنا پڑتا ہے اور بعض اوقات ۲۴ گھنٹے سے زیادہ عرصہ گزر جاتا ہے، یہ خیر سگالی کے جذبات کے برعکس ہے اس لیئے حکومت جو ہے وہ کوئی ایسا risk نہیں لینا چاہتی کہ ان طیاروں کو گرائے۔ تیسری چیز یہ ہے کہ وہ طیارے اور ان کے پائیلٹ حکومت پاکستان کے احکامات کے تابع نہیں ہیں وہ کہیں اور سے احکامات لیتے ہیں۔ اب وہ ان کے تابع ہی نہیں ہیں یہ ان کو منع کیسے کریں۔

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

چوتھی بات یہ ہے کہ وزیر صاحب بار بار پاکستان کے ایک ایک انچ اور پاکستان کی فضاؤں کے تحفظ کی یقین دہانی کرا چکے ہیں تو پھر آپ کو یقین کیوں نہیں آتا آپ کیوں چیخ رہے ہیں۔ پانچویں بات یہ ہے کہ افغان طیارے اکثر یہاں آتے ہیں، بار بار بمباری کرتے ہیں، یہ معمول کی کارروائی ہے، روزمرہ کی کارروائی ہے۔ معمول کی اور روزانہ ہونے والی کارروائی جو ہے وہ ایڈجرنمنٹ موشن کی صورت میں پیش ہی نہیں ہو سکتی اس لیئے یہ تو ایڈمسبل ہی نہیں ہے پھر کیوں بات کی جائے۔ میرا خیال ہے کہ آپ اس کو رول آؤٹ کریں۔ شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ! جناب محمود اے ہارون صاحب۔

مولانا سمیع الحق : جناب چیئرمین صاحب میں بھی ایک منٹ بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : نہیں آپ نے موو نہیں کیا۔ ٹائم ہو گیا۔ آدھے گھنٹہ کا ان کو سٹیٹمنٹ دینے دیں۔

مولانا سمیع الحق : لیکن جنہوں نے موو کیا تھا ان کو تو آپ نے ....

جناب قائم مقام چیئرمین : ان کا تو حق بنتا تھا۔ اب ٹائم نہیں ہے۔

مولانا سمیع الحق : یہ پہلی مثال ہے کہ محرک نے اپنی تحریک کے خلاف دلائل دیئے۔ کہ یہ قابل قبول نہیں ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین : مولانا صاحب یہ ان کی اپنی مرضی ہے میں request کرونگا کہ آپ تشریف رکھیں۔

مولانا سمیع الحق : میں اتنی گزارش کرونگا کہ قاضی عبداللطیف صاحب نے move کی ہے وہ ایک جماعت کے سربراہ ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : وہ موجود نہیں ہیں وہ تو ڈراپ ہو گئی۔

مولانا سمیع الحق : ان کی طرف سے میں ....

جناب قائم مقام چیئرمین : ان کی طرف سے آپ نہیں کر سکتے۔ تشریف رکھیئے آپ۔ محمود ہارون صاحب۔

**Mr. Mahmood A. Haroon:** Mr. Chairman, Sir, I can assure the members of this honourable House that the Government does not take these incursions very lightly.

**Mr. Acting Chairman:** I will request the honourable members to have patience and listen to the statement that the honourable Minister is going to deliver. Yes please.

**Mr. Mahmood A. Haroon:** It is a very serious matter when they cross our borders, bombard our territory and bring death and devastation to our people, their homes and their property. We fully endorse the sentiments expressed by the members of this House that it is a highly reprehensible act and that the Government and its armed forces should take action against such acts.

Sir, we have taken action whenever we could and as is well known to the House that on a previous occasion an aircraft was brought down which was pilotted by a Russian officer. That was on the 4th of August, 1988. It will be said that if we could bring down an aircraft on a previous occasion why have we not been able to do so on other occassions and why have the Afghan aircrafts come in freely at their will and command and carried out their nefarious and dangerous activities on our territory. Sir, I would like to explain the reason for this.

As the honourable members are well aware that these territories are densely mountainous regions with high peaks and valleys and normal radars that we have got are not active enough to catch them in time so that our aircrafts can be scrambled. Whenever we see something on the radar, it is there for a second or so and then it disappears again because of another mountainous range. So we are not sure but when we do get information—a continuous blimp on the radar or from our civil armed forces we immediately scramble the aircraft. Sir, we are trying to obtain the most modern possible radars so that we can protect our Frontiers. This House is aware that in the newspapers it has appeared that we are trying to get air warning radars so that we are more able to monitor these incursions and take proper actions.

As you are well aware, Sir, we do not manufacture these things yet. We have started a programme of defence manufacturing equipment in this country and it will take quite some time before we are capable of producing our own needs. We are not trying to produce every thing ourselves. We are cooperating with our Muslim brethren as far as possible to try to see that the Muslim nation—the Muslim Ummah as a whole can in time to come become self-sufficient in the production of defence equipment.

Sir, I can assure this House that not only they but every citizen of this country is ready to defend the territory of Pakistan more so those who have taken the oath of defending this country, who have promised and laid down and sworn to give their lives

[Mr. Mahmood A. Haroon]

for the defence of this country. Therefore, to say that the government is not giving them permission is not correct. We are always prepared, and even in these two cases as soon as we came to know reliably that these aircrafts had entered, the Air Force was scrambled, they went after them but they disappeared out of our territory very quickly before we could get them or bring them down.

Sir, with this problem of radar we will have these problems like we had in the past. We are trying our best to expedite the air warning radars as soon as possible but, we have to depend upon those who, sell these equipments to us, it takes time for them whether that be any western country of the world, they have to obtain permission from their governments and other sources before they can make this sale to us and I would also agree with the honourable members that this matter does not refer only to the defence but it refers to foreign affairs and other subjects too. As soon as the honourable Foreign Minister returns I shall bring to his notice the request of the members of this honourable House for a debate on foreign affairs and defence and I hope that we shall be able to satisfy them on this score. Thank you.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. Mr. Mohsin Siddiqui on a point of order.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** The learned minister has by and large put the entire responsibility on non-availability of a particular type of radar by which this can be checked. I would like to inform through you Sir, that in 1965 war we have not had even those radars which we have today but there was a vigilence wing of the Air Force which was in the air twenty four hours and could watch what plane was coming and it could be shot and there were similar instances which occurred and more than dozen planes of India who tried to violate our territory were shot down, therefore, the absence of radar alone is not a good cause and his thesis that he is placing order and they will be coming and so on and so forth, this is a cock and bull story.

ایک فارسی کا شعر ہے

تا تریاق از عراق آوردہ شود
مارگزیدہ مردہ خواہد شود

**Mr. Acting Chairman:** Thank you Mr. Mohsin Siddiqui this is no point of order, you have made your point.

جناب قائم مقام چیئرمین : پروفیسر صاحب، آپ کی کیا رائے ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا! میں وزیر دفاع کے جذبات کی ہمیشہ سے قدر کرتا ہوں، وہ ہمارے بڑے عزیز ساتھی اور تحریک پاکستان کے کارکنوں میں سے

ہیں، میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں لیکن میرا خیال ہے کہ جو دلائل انہوں نے دیئے ہیں، ان میں سے کوئی ایک بات بھی تحریک التوا کی non-admissibility کے لیئے وزن فراہم نہیں کرتی ہے۔ کوئی دلیل فراہم نہیں کرتی ہے بلکہ مجھے یہ کہنے کی اجازت دیں کہ جو دلیل انہوں نے دی ہے وہ تو اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ پارلیمنٹ میں لازماً بحث ہو، کیا وجہ ہے کہ افغانستان میں اس جنگ کو آٹھ سال ہوگئے ہیں اور ہم ابھی تک اپنے اس بارڈر کے تحفظ کے لیئے جو کم سے کم ضروری راڈار ہیں، وہ بھی حاصل نہیں کرسکے۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ مجاہدین راڈار کے بغیر بھی اسی قسم کے جہازوں کو، اسی قسم کے ہیلی کاپٹروں کو برابر گرا رہے ہیں۔ پہلے اس کی خبر نہیں آیا کرتی تھی لیکن اب کابل ریڈیو سے اور ماسکو ریڈیو سے برابر یہ خبریں آرہی ہیں۔ تقریباً ہر روز ایک نہ ایک جہاز گرایا جارہا ہے۔ اگر وہ راڈار کے بغیر یہ کام کرسکتے ہیں تو ہماری فوجیں لازماً ان وسائل سے کام لے کر جو انہیں حاصل ہیں، یہ کام لے سکتی ہیں۔ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بنا پر یہ اور بھی ضروری ہوگیا ہے کہ اس ایوان میں اس پر بحث کی جائے۔ وزیر دفاع ایک دن مقرر کردیں اور اس بات کی ضمانت دیں کہ ہم اسی سیشن میں اس مسئلہ کے اوپر جو ڈیفنس آف پاکستان اور اس کی فارن پالیسی سے متعلقہ ہے، بحث کریں گے ورنہ میں سمجھتا ہوں کہ ہم اصرار کریں گے کہ اس موشن کو آپ منظور کریں، ٹیکنیکلی ہر اعتبار سے یہ بالکل جائز موشن ہے، اور اگر ضرورت ہو تو اس پر آپ ہاؤس کی رائے لے لیں۔ اس سے پہلے جناب غلام اسحاق خان صاحب، یہی راستہ اختیار کرتے رہے ہیں کہ انہوں نے ایسے معاملات پر ہاؤس کی رائے لی ہے۔ آپ ہاؤس کی رائے لے لیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ کم از کم پانچ افراد نے تو یہ تحریک پیش کی ہے، اس کے بعد جو لوگ تائید کرنے والے ہیں، وہ اس ہاؤس میں اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لیئے بے چین ہیں۔ آپ ہاؤس کی رائے لے لیں تاکہ اس موضوع پر بات ہوسکے۔

**Mr. Acting Chairman :** Thank you. Mr. Mehmood A. Haroon.

**Mr. Mehmood A. Haroon :** Sir, I did not want to raise an objection because it would become a matter of record as I had already said that as soon as the Foreign Minister arrives I shall discuss with him about fixing a date for a debate on these issues

[Mr. Mahmood A. Haroon]

regarding defence and foreign affairs. But Sir, if they are forcing me to quote the rules I quote Rule No. 75 (b) :

"it shall relate substantially to one definite issue" ;

I do not want to say anything more because it is a highly sensitive matter and I would request again my honourable members to await for the return of our foreign Minister because I alone cannot fix the date because as I said the Foreign Minister has to be present and jointly we will fix the date for discussion on foreign affairs and these matters

**جناب قائم مقام چیئرمین :** جناب بہرہ ور سعید صاحب۔

**اخونزادہ بہرہ ور سعید :** جناب والا! وزیر صاحب نے جس کو refer کیا ہے کہ "It shall relate to one definite issue" اگر وہ تکلیف کر کے میری موشن کو پڑھتے تو میں نے definitely ایک issue کے متعلق تحریک التوا دی ہے جو سوموار کو دیر میں ڈوگئی اور دوسری جگہ پر بمباری ہوئی ہے اور پھر میں نے یہ چیز بھی عرض کی ہے کہ وہاں سے صرف ایک میل دور ان کا راڈار فکس ہے، اس کے متعلق انہوں نے کچھ نہیں کہا ہے۔ اس لئے جہاں تک ایڈجرنمنٹ موشن کے باضابطہ ہونے کی مقتضیات کا تعلق ہے، وہ پوری کر دی گئی ہیں۔

**جناب قائم مقام چیئرمین :** وزیر صاحب نے یہ بھی فرمایا ہے کہ صاحبزادہ صاحب کے آنے کے بعد، ان سے مشورہ کر کے اس ہاؤس میں ایک دن اس پر بحث کے لئے مقرر کیا جائے گا۔ کیونکہ اس مسئلہ میں دونوں وزارتیں آتی ہیں۔

**Akhunzada Behrawar Saeed :** Let it be deferred then, Sir.

**جناب قائم مقام چیئرمین :** اس کے بارے میں انہوں نے اپنی رائے دے دی ہے۔ اگر آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں تو اپنی رولنگ بعد میں دونگا۔ پہلے آپ لوگ آپس میں اتفاق رائے کر لیں۔

**اخونزادہ بہرہ ور سعید :** جناب اسے defer کریں یا sense of the House لے لیں۔

**سید عباس شاہ** : جناب! میں وزیر دفاع صاحب کی اس سٹیٹمنٹ کی قدر کرتا ہوں کہ فارن منسٹر صاحب آجائیں تو پھر بات ہوگی۔ لیکن ہم ان سے اس بات کی یقین دہانی چاہیں گے کہ اس پر اسی سیشن میں بحث ہو۔ ہم technicality میں نہیں جانا چاہتے اور ہم اس گورنمنٹ کو یہ موقع دینا چاہتے ہیں کہ وہ اس ہاؤس کی backing لے to confirm the foreign policy of the country. This will be a good opportunity and I don't press it on this line, Sir.

**جناب قائم مقام چیرمین** : شکریہ! طارق چوہدری صاحب۔

**جناب محمد طارق چوہدری** : گزارش یہ ہے کہ میں تو وزیر صاحب سے کچھ تھوڑا اتفاق کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے کہا ہے کہ یہ ایک definite issue نہیں ہے۔ ان کی یہ بات میرے پیش نظر ہے اور میری ایڈجرنمنٹ موشن میں یہ ہے کہ پشاور کے قریب افغان طیاروں نے کیونکہ یہ "طیارے" ہیں، "طیارہ" نہیں ہے۔ یہ چار پانچ ہیں۔

**Mr. Acting Chairman :** So, you don't press it.

**جناب محمد طارق چوہدری** : نہیں۔۔ جناب، آپ میری پہلے بات سنیں، دوسری چیز یہ ہے کہ پشاور کے قریب ان کا ہدف وارسک ڈیم تھا، لیکن ان کے بم کسی اور جگہ گر گئے۔ یہ ایک definite issue نہیں ہے۔ پھر انہوں نے یہ فرما دیا ہے کہ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہم خود دفاعی سامان بنا سکیں۔ لہٰذا اس ایوان کو زیادہ impatience نہیں ہونا چاہیئے، انتظار کر لیں، انشاءاللہ اگلے دس پندرہ سالوں میں ہم اپنے میزائل اور طیارے بنا چکیں گے کہ ہم ان سے تحفظ کر سکیں۔ یہ قوموں کی زندگی میں کوئی زیادہ لمبا پیریڈ نہیں ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ انہوں نے "مار گرائے" کے متعلق کہا ہے کہ ہم "مار گرانے" کے احکامات دیتے رہتے ہیں لیکن ہوتا یہ ہے کہ وہ احکامات پہنچنے سے پہلے ہی طیارے تو واپس چلے جاتے ہیں اس لئے یہ بھی ایک پرابلم ہے اور سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ آج کل ہم خصوصی حالات

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

سے گزر رہے ہیں اور ان حالات میں پاکستان کی افواج اور اس کے اکابرین جو ہیں ملک کے اندر خصوصی صورت حال کو سنجیدگی سے watch کر رہے ہیں لہٰذا اس سے ان کو وقت نہیں مل رہا ہے کہ وہ باہر کی صورت حال کو بھی چیک کریں لہٰذا آپ براہ کرم اس پوائنٹ کو بھی پیش نظر رکھیں۔

**Mr. Mehmood A. Haroon :** Point of order, Sir. I never said that the Armed Forces of this country were watching inwards at the crisis in this country itself.

**جناب محمد طارق چوہدری :** جی میں یہ کہہ رہا ہوں۔

**Mr. Acting Chairman :** This is a valid point of order.

جی طارق صاحب۔

**جناب محمد طارق چوہدری :** جی میں تو اسے پریس کرتا ہوں۔ یہ اس طرح کی کوشش نہیں ہے کہ اس کو آسانی سے چھوڑ دیا جائے۔

**Mr. Acting Chairman :** Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman, while I appreciate the complexities which are facing the Minister of Defence in this matter, may I request him to confirm a date for a discussion on this subject at least before the 15th of September. He does not need to wait for the return of the Foreign Minister. He can communicate with him while he is in Cyprus and half of this month passes by, already over four weeks have gone by in which the defence policy of this country have gone through very critical phases. So, if he gives us an assurance that say by the 12th or the 13th of September we should be able to discuss this, I think, we would be quite satisfied. Thank you.

**Mr. Acting Chairman :** Mr. Mehmood A. Haroon.

**Mr. Mehmood A. Haroon :** Sir, I will consult the Foreign Minister at the earliest and fix a date at the earliest for discussion.

**Mr. Acting Chairman :** Thank you. Not pressed ?

Next item No. 3 of the agenda.

## DISCUSSION ON THE MOTION *RE:* ENFORCEMENT OF SHARIAH ORDINANCE 1988

**Mr. Acting Chairman :** Next, item No. 3 of the agenda. The discussion on the following motion moved by Mr. Wasim Sajjad, Minister for Justice and Parliamentary Affairs :

> "That the House may discuss the situation arising out of the promulgation of the Enforcement of Shariah Ordinance, 1988, with reference to its objects and reasons".

**Mr. Javed Jabbar :** Point of order. Mr. Chairman, on the order of the day you have already set a discussion for the adjournment motion that was admitted on the 11th of August.

**Mr. Acting Chairman :** Yes, we will take that also.

**Mr. Javed Jabbar :** No, my submission is, for that you normally allow about two hours. Is it correct ?

**Mr. Acting Chairman :** Maximum two hours.

**Mr. Javed Jabbar :** What I am suggesting Mr. Chairman, as you have done on previous sittings of the Senate, you could go straight to No. 5.

**Mr. Acting Chairman :** We have got No. 6 also.

**Mr. Javed Jabbar :** Yes, we should take Nos. 5 and 6.

**Mr. Acting Chairman :** I think, Mr. Javed Jabbar, let us take this Shariah Ordinance first and then we go to that one. Prof. Khurshid Ahmed Sahib.

**پروفیسر خورشید احمد :** بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! یہ عجیب اتفاق ہے کہ شریعت آرڈیننس پر جب مجھے اپنے خیالات کے اظہار کا موقع ملا ہے تو اس وقت ایوان میں نہ وزیر عدل ہیں جنکی وزارت نے یہ آرڈیننس جاری کیا ہے اور نہ مذہبی امور کے وزیر موجود ہیں جن کا تعلق کسی نہ کسی رشتے سے اس آرڈیننس سے ہوتا ہے ۔ میں سب سے پہلے .....

**Mr. Sartaj Aziz :** Point of Order Sir. I on behalf of Justice Minister assure him that I will convey his views fully to the Justice Minister.

**Mr. Acting Chairman :** Thank you.

**پروفیسر خورشید احمد :** مجھے اپنے عزیز بھائی سرتاج عزیز کے intermediary role میں کوئی شبہ نہیں ہے لیکن جو اہمیت وزیر عدل اور وزیر مذہبی امور نے اس مسئلے کو دی ہے جبکہ یہ ایجنڈے پر پہلے سے موجود تھا وہ لائق افسوس ہے اور میں سب سے پہلے اپنا احتجاج ریکارڈ کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے بعد جناب والا! میں اس آرڈیننس پہ آتا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم آج اس آرڈیننس پر جس ماحول میں غور کر رہے ہیں وہ اس سے بڑا مختلف ہے جس میں کہ یہ آرڈیننس آیا اور اس سے قبل اس آرڈیننس پر اس ایوان نے گفتگو کی تھی۔ صدر ضیاء مرحوم آج ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں اور فطری طور پر اس آرڈیننس پر غور کرتے ہوئے بہت سی ایسی باتیں جو کہنا ضروری تھیں غالباً اب ان کا کہنا مناسب نہ ہوگا۔ اس لئے میں اپنی گزارشات کو صرف اس آرڈیننس کے ٹیکسٹ اور اصل مسئلہ یعنی نفاذِ شریعت پہ مرکوز رکھوں گا۔ دوسری بہت سی باتیں جو اگر آج وہ زندہ ہوتے تو ہم کہنا ضروری سمجھتے مگر میں اب ان کی شہادت کے بعد اُن کی روح کے احترام میں ان کا ذکر نہیں کروں گا۔ لیکن مسئلہ اتنا اہم ہے اس آرڈیننس کا جائزہ لینے اور نفاذ شریعت کے مسئلے کو مؤخر نہیں کر سکتے۔

جناب والا! اس آرڈیننس پر آپ دیکھیں گے کہ تقریباً پچھلے ڈیڑھ مہینے سے جو باتیں کہی گئی ہیں لکھی گئی ہیں۔ جو بحث ہوئی ہے ان کا آپ تجزیہ کریں تو آپ یہ پائیں گے کہ تین پہلوؤں سے اسکا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس پر تنقید کرنے والے کچھ افراد وہ ہیں جنکی اصل دلچسپی جن کا اصل ہدف شریعت آرڈیننس نہیں بلکہ شریعت اور نفاذ شریعت تھی۔ بڑے دکھ کے ساتھ ہمیں یہ بات کہنا پڑتی ہے کہ اس ملک میں جو اسلام کے لئے قائم ہوا جس کے لئے برصغیر کے تمام مسلمانوں نے جدوجہد کی قربانیاں دیں اور صرف ایک مقصد سے دیں اور وہ یہ کہ یہ ملک اسلام کا گہوارہ بنے، یہاں اسلام کا قانون جاری و ساری ہو اور یہاں اسلام کے مطابق انفرادی اور اجتماعی زندگی مرتب کی جا سکے۔ اس ملک میں کچھ افراد شریعت کو ہدف بنا رہے ہیں اور یہ بات کہہ رہے ہیں کہ گو اسلام undisputed ہے لیکن اس Islamic framework میں we want to pursue secular policies

یہ وہ ذہن ہے جس کے خلاف تحریک پاکستان نے جہاد کیا، یہ وہ ذہن ہے۔ جو آج پوری دنیا میں اسلام اور سیکولر قوتوں کی کشمکش کا ہدف بنا ہوا ہے اور میں سب سے پہلے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ خواہ آپ عقلی اعتبار سے دیکھ لیں یا دینی اعتبار سے دیکھ لیں۔ ایک مسلم معاشرہ اگر شریعت کے نفاذ کے معاملے میں مخالفت رکھتا ہے، اللہ اور اللہ کے رسول کے قانون کو نظرانداز کرتا ہے تو یہ اللہ اور اس کے رسول کے خلاف ایک نوعیت کی بغاوت تھی۔ ہم اپنے ایمان کے تقاضے کے طور پر اللہ سے یہ عہد کرتے ہیں۔

میری زندگی اور میری موت، میری عبادت اور میرے سارے مناسک صرف اللہ رب العالمین کے لئے ہیں جس کا کوئی شریک نہیں۔ قرآن صاف کہتا ہے کہ حکم دینے کا اختیار، قانون دینے کا اختیار، حلال و حرام کا تعین کرنے کا اختیار اوامر و نواہی کا اختیار صرف اللہ کو حاصل ہے۔ قرآن صاف کہتا ہے کہ کائنات کا بنانے والا بھی وہی ہے اور اس کیلئے قانون دینے والا بھی وہی ہے۔ خلق اور امر کے درمیان فرق نہیں کیا جاسکتا۔ اسی لئے اسلامی معاشرے کی بنیاد یہ ہے کہ یاایھاالذین آمنو اطیعواللہ و اطیعوالرسول و اولی الامر منکم فان تنازعتم فی شیءٍ فردوہ الی اللہ والرسول۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو اطاعت کرو اللہ کی، اطاعت کرو اللہ کے رسول کی، حکم مانو اپنے میں سے اولی الامر کا، لیکن جب تم میں اور ان میں اختلاف رائے ہو، کوئی تنازعہ ہو تو پھر لوٹو اللہ اور اس کے رسول کی طرف۔ اس لئے کہ آخری سند اللہ اور اس کا رسول ہے۔ یہی ذمہ داری ایک اسلامی حکومت کی ہے۔ کہ جب مسلمانوں کو اقتدار دیا جاتا ہے، حکومت دی جاتی ہے اور قوت دی جاتی ہے تو پھر ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ نماز کو قائم کریں زکوٰۃ کے نظام کو قائم کریں، اور اوامر کا حکم دیں، نواہی سے روکیں۔ تو یہ ہے دراصل اسلام کا فریم ورک۔ مسلمان رہتے ہوئے شریعت سے فرار، شریعت سے انحراف یہ تضاد ہے، یہ contradiction ہے۔

جناب والا! میں یہ بات بھی عرض کروں گا کہ اسلام نے ہمیں زندگی کے مقاصد، بنیادی اقدار، اصول اور احکام دیئے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایک وسیع دائرہ ہے جس میں شریعت کی حدود کے اندر ہمیں آزادی بھی دی ہے کہ ہم اپنے حالات اپنی ضروریات کے مطابق ان اقدار اور مقاصد سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنا

[Prof. Khurshid Ahmed]

راستہ نکالیں ۔ ۔ اس معنی میں اسلام نے تمام سیکولر مسائل کا، اخلاقی بنیادوں پر، دینی بنیادوں پر، روحانی بنیادوں پر حل پیش کیا ہے۔ وہ ایک مکمل نظام زندگی ہے وہ سیکولر مسائل سے بھاگتا نہیں ہے۔ پھر آپ بھی یاد رکھیں کہ سیکولرازم خود مغرب کی تاریخ میں خاص حالات کی پیداوار ہے۔ آج جو عالمی تہذیبی کشمکش ہے اس میں مادہ پرستانہ سیکولر تہذیب اس مقام پر پہنچ گئی ہے کہ جہاں خود اس کے اپنے سوچنے سمجھنے والے عناصر مضطرب ہیں اور وہ اس تہذیب اور ایسے نظام کی تلاش میں ہیں کہ جس میں اخلاقی اور مادی دونوں ضرورتیں انسان کی پوری ہو سکیں۔ مغربی معاشرے میں عبادت اور دنیا داری کے درمیان ایک تناقض تھا prayer اور progress ایک دوسرے سے متصادم ہو گئے تھے۔ اور وہ چاہتے ہیں کہ کوئی ایسا راستہ ہو کہ prayer اور progress دونوں ساتھ ساتھ حاضر ہو سکیں اور یہ اسلام میں ہے۔ اس لیئے جناب والا! میں سب سے پہلے صاف الفاظ میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ وہ عناصر جو شریعت آرڈیننس پر اعتراض کر رہے ہیں اس وجہ سے کہ وہ شریعت سے انحراف چاہتے ہیں۔ وہ یہاں ایک سیکولر نظام چاہتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ خالص مادہ پرستی اور قومیت کی بنیاد پر یہاں کوئی نظام وجود میں آسکتا ہے تو وہ غلطی پر ہیں، وہ پاکستان کے مقاصد سے بیوفائی کر رہے ہیں۔ یہ قوم ہرگز اس روش کو اختیار کرنے کے لیئے تیار نہیں ہے اور کبھی تیار نہیں ہونے دے گی اور ہمیں اپنے ماضی سے سبق لینا چاہیئے کہ وہ افراد جو سیکولرازم اور سوشلزم کی باتیں کرتے تھے جو قومی اسمبلی میں پاکستان کو ایک سوشلسٹ ریپبلک بنانے کا دستوری مسودہ لے آئے تھے۔ جس مسودے پر سیکنڈ ریڈنگ شروع ہو گئی تھی تقریباً آدھی دفعات پر غور ہو گیا تھا ان کو بھی عوام کے احترام میں اپنے قدم پیچھے ہٹانے پڑے اور ۷۳ء کے دستور میں قرارداد مقاصد میں ملک کو اسلامی جمہوریہ ماننا پڑا، قانون سازی کے معاملے میں انہیں قرآن وسنت کی بالادستی اور ان تمام چیزوں کو ماننا پڑا۔ میں سب سے پہلے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ وہ افراد شریعت سے خائف ہیں یا اس سے انحراف چاہتے ہیں اس بنا پر اس آرڈیننس پر اعتراض کر رہے ہیں۔ ان کا مؤقف غلط ہے۔ پاکستان کے مقاصد کے خلاف ہے اور اس ملک کے عوام کبھی اس آواز کو پذیرائی نہیں بخشیں گے۔ شریعت اس ملک کا مقدر ہے، ہمارا مستقبل

ہے ، ہمارے دین کا تقاضا ہے ، ہمارے ایمان کا تقاضا ہے ، شریعت پاکستان کی وحدت کی ضامن ہے اور یہاں ہماری ساری توجہ شریعت کے قیام اسلامی قانون کے نفاذ پر ہونی چاہیئے ۔

جناب والا ! دوسرا اعتراض اس پر یہ ہوا کہ یہ بطور ایک صدارتی آرڈیننس کے نافذ کیا گیا ہے اور فی الحقیقت شریعت کا نفاذ اس قوم کی دل کی آواز اور امنگ ہے ، اسے جمہوری عمل کے ذریعے سے نافذ ہونا چاہیئے ۔ میں خود اس ذریعے کا حامی ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ جمہوریت کا پروان چڑھنا اس ملک میں ضروری ہے اور اسلام یہ چاہتا ہے کہ اس کی قانون سازی شریعت کا نفاذ جمہوری عمل سے ہو ۔ لیکن میں یہ بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر کسی وقت حالات ایسے جیسے کہ اس وقت ہیں کہ نیشنل اسمبلی موجود نہیں ہے ۔ صرف سینیٹ کوئی بل پاس نہیں کر سکتا ۔ اگر ایسے موقع پر کوئی صحیح قدم آرڈیننس کے ذریعے بھی لیا جائے ۔ تو اس ریزرویشن کے باوجود کہ ہماری پہلی preference عام قانون سازی کے ذریعے ان اقدامات کا کیا جاتا محض اس بنا پر کہ یہ آرڈیننس سے آرہا ہے اس پر اعتراض نہیں ہونا چاہیئے ۔ کل ہی آپ نے پریس اینڈ پبلی کیشن آرڈیننس کے بارے میں دیکھا ۔ ہم نے اسے welcome کیا ہے ۔ اس لیئے کہ پریس اینڈ پبلی کیشن آرڈیننس کو repeal ہونا چاہیئے تھا ۔ یہ قوم کی آواز تھی ، یہ جمہور کی خواہش تھی ۔ اس ایوان نے اس بارے میں قرارداد پاس کی تھی ۔ اب اگر کوئی یہ کہتا کہ صاحب آرڈیننس کے ذریعے سے ختم نہ کیا جائے آپ جمہوری عمل کا انتظار کیجئے تو یہ کوئی معقول بات نہیں ہے ۔ اسی طریقے سے معاملہ شریعت کا بھی ہے کہ اسلامی قانون کے سلسلے میں کوئی بھی چیز اگر آتی ہے تو گو ہماری پہلی preference یہ ہے کہ وہ عام قانون سازی کے ذریعے آئے لیکن اگر اس کا امکان نہ ہو تو پھر دوسرے ذریعے سے بھی اس کا آنا ہم پسندیدہ سمجھتے ہیں اور اس پہلو سے اس پر اعتراض نہیں ہو سکتا ہے ۔ ان دونوں پہلوؤں کو بیان کرنے کے بعد بتانا چاہتا ہوں کہ کس پہلو سے اس پر اعتراض ہو سکتا ہے اور میری نگاہ میں یہ آرڈیننس ان تمام ضرورتوں کو پورا نہیں کرتا جنہیں اسے پورا کرنا چاہیئے تھا ۔ آپ کو معلوم ہے جناب چیئرمین ! fresh legislation کب کی جاتی ہے fresh legislation اس وقت

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہوتی ہے جب موجودہ قانون سازی میں کوئی سقم ہو، کوئی کمی ہو اور اسے دور کرنے کی کوشش کی جائے۔ یا کچھ ایسے معاملات ہوں جن کے بارے میں قانون موجود نہ ہو اور ان کے لیئے قانون کی ضرورت ہو تو پھر اس کے لیئے قانون سازی کی جاتی ہے۔ قانون سازی اس لیئے نہیں کی جاتی کہ ایک بات جو پہلے سے موجود ہو اسی کو ہم کسی اور طریقے سے ادا کریں۔ بلاشبہ شاعری میں یہی ہوتا ہے۔

ایک پھول کا مضمون ہو تو سو رنگ سے باندھوں

شعراء یہی کام ہمیشہ کرتے رہے ہیں لیکن شاعری اور قانون سازی میں بنیادی فرق یہ ہے کہ قانون سازی یا قانون کے کسی سقم کو دور کرنے کیلیئے کی جاتی ہے یا کسی خلا کو پر کرنے کیلیئے کی جاتی ہے۔ ان معاملات کیلیئے کی جاتی ہے جن کیلیئے قانون کی ضرورت ہے لیکن قانون میں ایسی گنجائش موجود نہ ہو۔ یہ وجہ ہے فریش لیجسلیشن کی اور اس پہلو سے مجھے بڑا اضطراب ہے کہ اتنے شور و غوغا کے ساتھ اتنے بلند بانگ دعووں کے ساتھ ایک آرڈیننس لایا گیا لیکن فی الحقیقت اس آرڈیننس میں فریش لیجسلیشن کتنا کیا گیا۔ اس کے ذریعے سے اصل قانون سازی میں اضافہ کیا ہوا۔ اس میں جو کچھ موجود تھا اس میں کس چیز کی اطلاع کی اور کس چیز میں اضافہ کیا؟ یہ ہے وہ کرائیٹیریا جس پر آپ کو قانون جج کرنا پڑے گا۔ اس پہلو سے میں اس آرڈیننس کو خاصا مایوس کن پاتا ہوں۔

جناب والا! آپ اس امر سے واقف ہیں کہ ۷۳ء کے دستور میں آرٹیکل ۲ یہ بات کہتا ہے کہ اسلام پاکستان کا مذہب ہے۔ آرٹیکل ۲ (اے) ۸۵ء کی ترامیم کی روشنی میں Objectives Resolution کو دستور کا ایک operational part بنا دیتا ہے۔ آرٹیکل ۲۲۷ Islamic Provisions سے ڈیل کرتا ہے اور اس میں دو بنیادی باتیں کہی گئی ہیں۔ پہلی یہ کہ ملک میں کوئی قانون سازی قرآن و سنت کے خلاف نہیں ہو گی اور دوسری بات یہ کہ اسلامی آئیڈیالوجی کونسل سات سال کے اندر اندر تمام قوانین کا جائزہ لے گی اور قرآن و سنت میں جو احکام دیئے ہیں جو اوامر و نواہی ہیں ان کی بنیاد پر جو قانون سازی ہونی چاہیئے اس سلسلے میں اپنی رپورٹ پارلیمنٹ کو پیش کر دے گی۔ ۸۵ء کی ترامیم کے اندر سیکشن ۳ کا اضافہ کیا گیا ہے اس کے

ذریعے سے فیڈرل شریعت کورٹ وجود میں لائی گئی اور فیڈرل شریعت کورٹ کو باقی تمام قوانین کا جائزہ لینے کا حق دیا گیا بجز Fiscal laws, Procedural law, Muslim Personal law, Taxation and other monetary provisions.

یہ ہے ہماری موجودہ پوزیشن۔ نویں دستوری ترمیم کے ذریعے سے جو اس وقت کی حکومت کے وعدے پر مبنی تھا اور جس وعدہ کا اظہار نجی طور پر نہیں ہوا بلکہ سینیٹ اور نیشنل اسمبلی دونوں نے متفقہ طور پر پاس کی ہوئی ایک قرارداد کے ذریعے سے کیا۔ اس قرارداد کی روشنی میں نواں دستوری ترمیمی بل تیار ہوا۔ جسے اس ایوان نے منظور کر لیا لیکن نیشنل اسمبلی اس پر غور نہ کر سکی۔ اس میں قدم آگے بڑھایا گیا تھا اور وہ یہ تھا کہ آرٹیکل ۲ میں ترمیم کر کے قرآن و سنت کو ملک کا بالاتر قانون تسلیم کیا گیا تھا۔

یہاں جناب والا! ضروری ہے کہ میں اصل الفاظ کی طرف آپ کی توجہ دلاؤں اس لیئے کہ یہ قانون کا معاملہ ہے اور اس میں الفاظ کی بڑی اہمیت ہے۔ نویں آئینی ترمیم میں کہا گیا تھا۔

"And the Injunctions of Islam as laid down in the Holy Quran and Sunnah shall be the supreme law and source of guidance for legislation to be administered through laws enacted by the Parliament and Provincial Assemblies and for policy making by the Government".

گویا کہ اس میں دو باتیں مانی گئیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ قرآن و سنت would be the supreme law of the country اور نمبر دو یہ کہ supreme source of guidance ۔ مرکزی، صوبائی قانون سازی کے لیئے اور حکومتوں کی پالیسی سازی کے لیئے executive action کے لیئے یہ صحیح ہے کہ اس ترمیم کو دستور کا حصہ نہیں بنایا جا سکا، لیکن اس نے وہ کام کیا تھا جو اس سے پہلے ہماری عدالتوں نے دستوری ترمیم کے بغیر کر دکھایا تھا، آپ کو معلوم ہے کہ سپریم کورٹ نے بار بار اس مسئلے پر غور کیا ہے کہ اس ملک کا اصل بنیادی قانون کیا ہے اور ایک نہیں متعدد judgements میں سپریم کورٹ

[Prof. Khurshid Ahmed]

نے یہ بات کہی کہ دستور میں یہ لکھا ہوا ہو یا نہ لکھا ہوا ہو، قانون میں اس بات کا اعلان کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو لیکن Objectives Resolution پاکستان کی اصل بنیاد ہے۔ یہ اس کا grund norm ہے۔ یہ اس کا supreme law ہے جناب والا! آپ مجھے اجازت دیں کہ سب سے پہلے میں آپ کو عاصمہ جیلانی کیس میں سپریم کورٹ کی ججمنٹ جو ہے جسٹس حمود الرحمان کی اس کا ایک اقتباس پڑھ کر سناؤں جس میں انہوں نے Law of Necessity کے بارے میں Calson کی جو Theory of Positive Law ہے اس پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے بعد بڑے واشگاف الفاظ میں پاکستان کی جو پوزیشن ہے اسے واضح کیا ہے اور وہ یہ ہے۔

"In any respect if a grund norm is necessary Pakistan need not have to look to the Western legal theorists to discover it. Pakistan's own grund norm is enshrined in its doctrine that the legal sovereignty over the entire universe belongs to Almighty Allah alone, and the authority exercisable by the people within the limits prescribed by him is a sacred trust. This is an immutable and unalterable norm which was clearly accepted in the Objectives Resolution as passed by the Constituent Assembly of Pakistan on the 7th of March 1949. This has not been abrogated by anyone so far nor has this been departed or deviated from by any regime, military or civil. Indeed it cannot be, for it is one of the fundamental principles enshrined in the Holy Quran. It is under this system that the Government becomes a Government of laws and not of men, or no one is above the law".

جناب والا! یہ وہ اصول تھا جسے ہماری عدالتوں نے تسلیم کیا ہے اور پھر نصرت بھٹو کیس میں جسٹس انوار الحق اور ان کے تمام ساتھیوں نے اسی بات کا اظہار کیا اور انہوں نے کہا۔

"These considerations assumed special importance in an ideological State like Pakistan which was brought into being as a result of the demand of the Muslims of the Indo-Pakistan sub-continent for the establishment of a home land in which they could order their lives in accordance with the teachings of the Holy Quran. When the demand we accepted it was given effect to by means of a Constitution passed by

the British Parliament which held sovereignty over India in 1947, in other words the birth of Pakistan is grounded both in ideology and legality. Accordingly a theory about law which seeks to exclude these considerations cannot be made the binding rule of decision in the courts."

آگے چل کر وہ پھر اسی بات کو کہتے ہیں کہ ہمارا جو grund norm ہے وہ Objectives Resolution ہے۔

جناب والا! یہ تھی وہ چیز جس کا اظہار قانون کی زبان میں supreme law of the country کی شکل میں کیا گیا، اب میں اس طرف آنا چاہتا ہوں کہ جو مسئلہ ہمیں درپیش ہے نفاذ شریعت کے بارے میں اس میں اصل کمی کیا ہے۔ دستور نے یہ کہہ دیا کہ کوئی قانون سازی قرآن و سنت کے خلاف نہیں ہوگی، Objectives Resolution کو بھی آپ نے اب ۲ (اے) کے ذریعے سے دستور کا حصہ بنا دیا اور اس پر عمل کرتے ہوئے اس کی روشنی میں پنجاب ہائیکورٹ اور سندھ ہائیکورٹ دونوں نے سود کے معاملات، فیملی لاء کے سلسلے میں اس بات کا اظہار کیا کہ اب ہمیں یہ اختیار حاصل ہے کہ ہم ۲ (اے) کی بنیاد پر ان قوانین کو ایگزامن کر سکتے ہیں اور نہ صرف یہ کہ ان کے بارے میں یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ قرآن و سنت کے احکام کیا ہیں وہ ان سے متصادم ہیں یا نہیں بلکہ ہم اس کی روشنی میں متعلقہ افراد کو ریلیف دے سکتے ہیں۔

جناب والا! یہ بڑا اہم نکتہ ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ ذرا اس کی وضاحت کر دوں، فیڈرل شریعت کورٹ ایک بڑا اہم ادارہ ہے لیکن فیڈرل شریعت کورٹ ایک غیر مؤثر ادارہ ہے، اہم اس لئے کہ اسے یہ اختیار دیا گیا ہے کہ ان قوانین کو چھوڑ کر جو اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں وہ تمام قوانین کا جائزہ لے سکتی ہے اور اگر انہیں قانون و سنت کے خلاف پائے تو اس کو قرآن و سنت کے خلاف ہونے کی بنا پر void قرار دے سکتی ہے اور اگر حکومت اپیل نہیں کرتی ہے تو ان کا فیصلہ نافذ ہو جاتا ہے۔ متعلقہ حصہ کتاب قانون سے خارج کر دیا جاتا ہے لیکن جس حیثیت سے وہ غیر مؤثر ہے وہ یہ ہے کہ وہ کسی فرد کو ریلیف نہیں دے سکتی، وہ کسی قانون کے نفاذ کے بارے میں کوئی انجنکشن جاری

[Prof. Khurshid Ahmed]

نہیں کر سکتی اس کے لیے یہ بات ممکن نہیں وہ قانون کو تو strike off کر سکتی ہے لیکن عدالت کا جو اصل کام ہے کسی فرد کے حقوق کا تحفظ قانون کے خلاف اگر اس کے ساتھ کوئی معاملہ ہو رہا ہے تو اس سے اس کو بچانا اور روکنا یہ ہے عدالت کا کام، یہ کام فیڈرل شریعت کورٹ نہیں کر سکتی اس لیئے وہ بڑا غیر مؤثر ادارہ ہے اس کے پاس نفاذ کے کوئی اختیارات نہیں ہیں، اس کے پاس وہ biting teeth نہیں ہیں جو عدلیہ کی اصل قوت ہیں، اس کے علاوہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس کے ججز صدر کی مرضی پر منحصر ہیں، جب چاہے جس کو چاہے صدر لا سکتا ہے، نکال سکتا ہے، ہٹا سکتا ہے اور بار بار یہ ہوا ہے۔ اس حیثیت سے ان کو وہ سیکورٹی حاصل نہیں ہے جو ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے ججوں کو حاصل ہے۔ یہ دونوں بڑی بنیادی خامیاں اس کے اندر ہیں لیکن آرٹیکل ۲ (اے) کی تعبیر کرتے ہوئے ہماری ہائیکورٹس نے یہ مؤقف اختیار کیا کہ ان معاملات میں جن میں کہ فیڈرل شریعت کورٹ مداخلت نہیں کر سکتی۔ ہمیں اختیار ہے کہ ہم ان کا جائزہ بھی لے سکتے ہیں اور ان کے بارے میں افراد کو ہم ریلیف بھی دے سکتے ہیں، انجنکشن بھی ایشو کر سکتے ہیں اور اس سلسلے میں تین اہم ججمنٹس پچھلے دنوں ہوئی ہیں۔ اس پس منظر میں جناب والا! ہمیں یہ ضرورت پیش آئی کہ ہم ایک مکمل مبسوط قانون بنائیں تاکہ نفاذ شریعت کا عمل مؤثر انداز میں وقوع پذیر ہو سکے۔ اس لیئے جو پرائیویٹ شریعت بل اس ایوان میں پیش کیا گیا اور جو ابھی تک معلق ہے، زیر غور ہے۔ اس شریعت بل میں بنیادی چیز یہ کی گئی تھی کہ قرآن و سنت کو ملک کا قانون مانا جائے۔ تمام عدالتوں کو قرآن و سنت کا پابند کیا جائے اور نفاذ شریعت کے لیئے بیک وقت دو راستے اختیار کیئے جائیں، ایک راستہ ہے قانون سازی کا جو مقننہ کرے گی اور دوسرا راستہ ہے عدالتوں کا کہ اعلیٰ عدالتیں قرآن و سنت کے مطابق فیصلے کرنا شروع کر دیں۔۔۔ ہماری پوری تاریخ میں عدالتوں نے یہ کام انجام دیا ہے۔ ہم مغرب کی تاریخ سے بڑے متاثر ہیں۔ اینگلو سیکسن لاء کی پوری tradition یہ ہے۔ وہاں پر کامن لاء کے ذریعے سے ریلیف ملا ہے اور کامن لاء جو ہے وہ جج میڈ لاء ہے۔ پانچسو سال کی اس کی traditions ہیں جس کی بنیاد پر یہ لاء وجود میں آیا اور پھر اس میں بھی جو خامیاں محسوس ہوئیں ان کو

دور کرنے کے لیئے ایکوئٹی کورٹس وجود میں آئیں گویا کہ عدالتیں لوگوں کو انصاف بہم پہنچانے کا مؤثر ذریعہ بنی ہیں پھر یہ عدالتیں قانون کی تعبیر میں صرف قانون کے الفاظ کو نہیں دیکھتیں بلکہ نیچرل جسٹس ایکوئٹی ان تمام چیزوں کو ملحوظ رکھتی ہیں۔ یہ ہے وہ فریم ورک جس میں ہم نے ضروری سمجھا کہ شریعت کے نفاذ کے لیئے بیک وقت یہ دو parallel streams چلیں ایک قانون سازی کی اور دوسری stream عدالتوں کے ذریعے سے شرعی احکام کے نفاذ کی اگلا کنٹری بیوشن اس پرائیویٹ بل کا یہ تھا، شریعت کا دائرہ صرف قانون سازی تک محدود نہ رہے جو کہ دستور میں کہا گیا ہے بلکہ سرکاری پالیسی ایگزیکٹو ایکشن اور یہ ایگزیکٹو ایکشن چاہیے مرکزی حکومت کا ہو چاہے صوبائی حکومت کا چاہے کارپوریشن کا ہو جس بھی ادارے کا ہو اس کو شریعت کے مطابق جانچا جائے۔ دوسرے الفاظ میں جوڈیشل ریویو جو ہے شریعت کی بنیاد پر وہ قانون کی ٹیکسٹ کے لیئے بھی ہو اور اس کے ساتھ ساتھ وہ انتظامیہ کے اقدامات کے لیئے بھی ہو۔ آخری چیز یہ تھی کہ انتظامیہ کے افراد خواہ وہ کتنا ہی اونچا ہو یا عام کارکن ہو اسے عدالتوں کے سامنے جوابدہ ہونا چاہیئے۔ اسلام احتساب کے اصول کو مانتا ہے۔ ہم نے احتساب کا لفظ استعمال تو بہت کیا ہے اور احتساب کی بنیاد پر کبھی ہم نے جمہوریت کو ٹرخایا اور کبھی ہم نے انتخاب کو ملتوی کیا۔ کبھی ہم نے باقی سارے کاموں سے صرف نظر کیا لیکن فی الحقیقت ہم احتساب کو کبھی بھی اپنی اجتماعی زندگی کا حصہ نہیں بنا سکے۔ پرائیویٹ شریعت بل اس اصول کو پیش کرتا تھا کہ احتساب سب کا ہوگا، کوئی احتساب سے بالا نہیں ہے، احتساب میں سب مساوی ہونگے بالکل اسی طرح جس طرح اسلام نے کیا۔

جناب والا! یہ تھی وہ بنیاد اور فی الحقیقت اگر ان چیزوں کو شریعت آرڈیننس کے ذریعے نافذ کر دیا جاتا تو میں سب سے پہلے اس کا خیر مقدم کرتا لیکن مجھے بڑے دکھ کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے اس آرڈیننس میں ان تمام چیزوں سے صرف نظر کیا گیا ہے جو اضافے قانون میں ہونے چاہیں تھے یا قانون میں جو سقم موجود تھے ان کی اصلاح نہیں ہوئی ہے۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

صرف دو باتیں اس میں ایسی ہیں جو میری نگاہ میں مثبت ہیں اور میں سب سے پہلے ان دونوں باتوں کو آن ریکارڈ لانا چاہتا ہوں تاکہ یہ نہ کہا جائے کہ میں نے تنقید میں عدم اعتدال برتا ہے۔ میری نگاہ میں اس آرڈیننس میں پہلی چیز جو مثبت ہے وہ یہ ہے کہ قانون کی تعبیر کے معاملات میں عدالتوں کی یہ رہنمائی دی گئی ہے اگر دو تعبیرات ممکن ہوں اور ان میں سے ایک شریعت کے قریب ہو تو جو تعبیر شریعت سے قریب ہوگی اسے قبول کیا جائے گا، یہ ایک مثبت چیز ہے۔ میں اس کی قدر کرتا ہوں۔ دوسری مثبت چیز اس میں یہ ہے یہ قانون دراصل ایک خاص constraint کے تحت بنا ہے وہ constraint یہ ہے کہ دستور کے تحت دستور میں ترمیم صرف ایک خاص ضابطے سے ہو سکتی ہے جو آرٹیکل ۲۳۹ میں بیان کیا گیا ہے اس سے ہٹ کر دستور میں ترمیم ممکن نہیں ہے اس لیئے آرڈیننس میں کوشش کی گئی ہے صرف وہ چیزیں لی جائیں جن کے نتیجے کے طور پر دستور میں کوئی ترمیم نہ کی جائے اس کے بغیر کام کیا جائے۔ اب دستور کی پوزیشن یہ ہے کہ دستور میں فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرے سے ان پانچ چیزوں کو نکال دیا ہے۔ یعنی مسلم پرسنل لاء، پروسیجرل لاء، ٹیکسیشن لاز، فسکل لاز، انشورنس بینکنگ و دیگر مانیٹری لاز۔ اس میں کوشش کی گئی ہے کہ ایک فریش jurisdiction create کی جائے اور ملک کی ہائیکورٹس کو یہ موقع دیا جائے وہ چیزیں جن کو فیڈرل شریعت کورٹ ایگزامن نہیں کر سکتی، انہیں ہائیکورٹ ایگزامن کر سکے، یہ میری نگاہ میں ایک مثبت اقدام ہے، ایک قابل قدر چیز ہے، ایک اچھا راستہ ہے جو نکالا گیا حالانکہ اس کا صحیح طریقہ تو یہی ہے کہ دستور میں ترمیم ہو اور میری نگاہ میں انتخابات کے بعد اسمبلیوں کے وجود میں آنے کے بعد لازماً دستور میں ترمیم ہونی چاہیئے لیکن جب تک یہ کام نہ ہو اس وقت تک یہ اچھا راستہ نکالا گیا ہے۔

جناب والا! اس بات کے اعتراف کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ دو دھاری تلوار ہے، اس میں دو بڑے جھول ہیں۔ پہلا جھول تو یہ ہے چونکہ

اب ایک قانونی راستہ ہائیکورٹس کے لیئے فراہم کر دیا گیا ہے کہ وہ ان قوانین کو examine کر سکیں تو ہائی کورٹس نے دفعہ ۲ اے کے تحت جو jurisdiction discover کی تھی وہ اب باقی نہیں رہی۔ وہ ۱۹۹ کے تحت جو jurisdiction لیتے ہیں اور ۲ اے کے تحت jurisdiction لے رہے ہیں لیکن اب چونکہ ایک راستہ فراہم کر دیا گیا ہے اس لئے اب وہ jurisdiction کلیم نہیں کر سکتے اور فرق یہ واقع ہوا ہے کہ اس تنخ jurisdiction میں وہ ریلیف نہیں دے سکتے، وہ injunction issue نہیں کر سکتے وہ صرف یہ examine کر سکتے ہیں کہ یہ قانون قرآن و سنت سے متصادم ہے یا نہیں یعنی جو limitation فیڈرل شریعت کورٹ کی تھیں ان تمام معاملات میں وہی limitations ہائیکورٹس کی بھی ہو گئی ہیں تو جو انہوں نے ایک راستہ نکالا تھا اس پابندی کے باوجود نفاذ شریعت کا اور لوگوں کو ریلیف دینے کا، ان کے حقوق کو محفوظ کرنے کا، وہ بند ہو گیا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس کے بعد جو دوسرا ستم اس کے اندر بڑا پریشان کن ہے وہ یہ ہے کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس آرڈیننس کو لانے سے پہلے ایک کمیٹی صدر صاحب نے بنائی جسے ہالیپوتہ کمیٹی کہتے ہیں۔ اس کمیٹی نے ۵ جون کو اپنی رپورٹ پیش کی۔ اس کے بعد پھر ۸ تاریخ سے لیکر ۹ تاریخ تک صدر مرحوم کی صدارت میں اٹارنی جنرل لاء سیکریٹری کی موجودگی میں اس کمیٹی کے افراد کے ساتھ نشستیں ہوئیں اور ابتدائی مسودہ اس قانون کا اس کمیٹی نے تیار کیا۔ جناب والا! میرے پاس وہ سارے ڈاکومنٹس ہیں۔ یہ وہ رپورٹ ہے جو ہالیپوتہ کمیٹی نے جس میں قانون کے ماہرین عزیز منشی صاحب اٹارنی جنرل، جسٹس ارشاد، جناب خالد اسحاق، پروفیسر ظفر احمد انصاری، ڈاکٹر حسین احمد احسان اور دوسرے اہل علم موجود تھے صاحب کی صدارت میں اس مسودے پر غور کر کے تیار کی تھی اور اس پر ان تمام حضرات نے اپنے دستخط کیئے، میرے پاس ان دستخطوں کی بھی فوٹو کاپی موجود ہے کہ ہر ہر صفحے کے اوپر تمام شرکاء نے اس پر دستخط کیئے۔ میں جب ان تمام کا

[Prof. Khurshid Ahmed]

اصل آرڈیننس سے موازنہ کرتا ہوں تو مجھے بڑا خلجان ہوتا ہے اس لیئے کہ آپ یہ دیکھیئے ۔ میں اس وقت چونکہ ایک خاص نکتہ پر ہوں پہلے اس کی وضاحت کرونگا پھر میں اور نکات کو لونگا ۔ اس نکتے کے بارے میں کہ fresh jurisdiction جو بنائی جا رہی ہے اس fresh jurisdiction میں دستور کو چھوڑ کر باقی سارے قوانین یعنی مسلم پرسنل لاء ، پروسیجرل لاز ، فسکل لاز ، انشورنس وفنانشل میٹرز ان تمام پر ہائیکورٹ غور کر سکتی ہے یعنی recommendation دی گئی ہیں ہالی پوتہ کمیٹی کی رپورٹ میں ، یہی بات اس signed document میں طے کی گئی ہے لیکن آرڈیننس میں procedural laws کو نکال دیا گیا ہے ۔ جس کے معنی یہ ہے کہ judicial legal process ٹریبونل بنانے کا قانون ، speedy justice جس کے لیئے tribunals ذریعہ بنتے ہیں معاملات کو طے کرنے کا ، یعنی وہ سارے کا سارا شریعت کے دائرے سے ، ہائی کورٹ کے دائرے سے نکال دیا گیا ہے ۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ایک طرف ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم شریعت کو نافذ کرنا چاہتے ہیں ، یہ کہتے ہیں کہ کچھ دستوری limitations ہیں جس کی بنا پر ہم ایک fresh jurisdiction پیدا کر رہے ہیں کہ ہائی کورٹ یہ examine کرے کہ آیا یہ قوانین شریعت کے مطابق ہیں یا نہیں ہیں ۔ دوسرے الفاظ میں ہم شریعت کی jurisdiction قائم کر رہے ہیں اور ان سارے documents میں یہ ماننے کے بعد کہ دستور کے سوا باقی تمام قوانین اس میں ہونے چاہئیں پھر آخر procedural law, law of tribunals کو کیوں exclude کر دیا گیا ۔ تو گو یہ ایک fresh jurisdiction دی گئی ہے ، نیا راستہ نکالا گیا ہے ، لیکن اس میں بھی یہ دو بڑے بڑے جھول ہیں ۔

جناب والا ! میں اس کے بعد اس بات پر آنا چاہتا ہوں کہ سب سے پہلے ضرورت اسی بات کی تھی کہ اس قانون میں بھی اس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ قرآن و سنت ملک کا سپریم لاء ہے ۔ جناب والا ! میں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بات کہ قرآن و سنت قانون سازی کا ماخذ ہیں ، یا بالاتر ماخذ ہیں ، یا اہم ماخذ ہیں ، اور یہ بات کہ وہ ملک کا قانون ہیں ، دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہیں ۔ ہم سب یہ مانتے

ہیں کہ قانون سازی کا ماخذ ، قرآن و سنت ہے ۔ لیکن بات اس سے مکمل نہیں ہوتی۔ اس لئے کہ جب تک ہم قرآن و سنت کو ملک کا بالاتر قانون تسلیم نہ کریں ، حقیقی شریعت کی sovereignty قائم نہیں ہو سکتی ۔ اسی بنا پر ہم نے یہ مطالبہ کیا ، اسی بنا پر سپریم نے اس بات کا اظہار کیا ، اسی وجہ سے نویں دستوری ترمیم میں یہ الفاظ استعمال کئے کہ

Injunctions of Islam as contained in Quran and Sunnah shall be the supreme law of the country.

اور بعینہٖ یہی الفاظ ہیں جو ہالی پوتہ کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں لکھے ہیں ۔ اس کا آرٹیکل ۳ جو ہے وہ صاف کہتا ہے

Shariah shall be the supreme law of Pakistan and shall have effect notwithstanding anything contained in any other law custom or usage.

اس کے بغیر وہ بنیاد نہیں بنتی جس سے کہ شریعت فی الحقیقت بالاتر قانون بن سکے ۔ جس document میں ہم سب کے دستخط موجود ہیں ، اس میں بھی یہ الفاظ موجود ہیں کہ قرآن و سنت ملک کا بالاتر قانون ہو گا لیکن شریعت آرڈیننس میں یہ چیز موجود نہیں ہے ، شریعت آرڈیننس میں عنوان تو ضرور موجود ہے ۔ عنوان یہ ہے supremacy of Shariah لیکن جناب آپ اس کی تفصیل پڑھیں تو تفصیل یہ ہے ۔

Shariah shall be the supreme source of law. سپریم لاء نہیں Supreme source of law in Pakistan and grund norm for guidance, for policy making by the State and shall be enforced in the manner as envisaged hereunder.

اس میں دو بنیادی فرق واقع ہو گئے ہیں ۔ پہلا یہ فرق واقع ہو گیا ہے کہ supreme law کی بجائے اسے محض ایک source of law بنایا گیا ۔ دوسری چیز یہ کی گئی کہ supreme law ماننے کے بعد وہ آپ سے آپ یا تو قانون بن جاتا تھا لیکن اب ایک اور rider clause بنادی گئی اور وہ یہ ہے کہ supreme source تو ہو گا لیکن اس پر عمل ہو گا صرف اس طریقہ سے جو کہ اس قانون میں لکھا گیا ہے ۔ گویا کہ اب judiciary کے ہاتھ باندھ دئے گئے ہیں کہ اس قانون میں جو راستہ بنایا گیا اس سے ہٹ کر کے آپ قرآن و سنت سے رجوع

[Prof. Khurshid Ahmed]

کر کے چیزوں کو enforce نہیں کر سکتے۔ صرف ایک یہ واحد راستہ ہے جس پر کہ عمل ہو سکتا ہے باقی تمام راستے بند ہیں۔ تو جناب والا! یہ کلاز defective ہے۔ اس کلاز کو تبدیل کر کے جو تجویز بالیو تہ کمیٹی نے دی تھی اور جس کے الفاظ ابھی میں نے آپ کو پڑھ کر سنائے ہیں۔ ان الفاظ میں اس کو ہونا چاہیئے تب بلحرفی الحقیقت supremacy of Shariah قائم ہونے کا دروازہ کھل سکے گا، امکان پیدا ہو سکے گا ورنہ نہیں۔ اس لئے سب سے پہلی اس کے اندر اس بات کی ضرورت ہے۔

دوسری بات جناب والا! جو ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کے تجربے نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ جن معاملات میں فیصلہ کر دیتی ہے وہ اسکے باوجود بھی معلق ہو جاتے ہیں اور وجہ اس کی یہ ہے کہ حکومت فوراً اپیل میں چلی جاتی ہے اور پھر اپیل کے بعد تمام فیصلے، جب تک اپیل کا فیصلہ نہ ہو جائے، معلق رہتے ہیں۔ ۱۹۸۰ء سے، سب سے پہلا جو فیصلہ پینل کوڈ کے بارے میں دیا تھا، وہ اس کے خلاف اپیل میں چلی گئی ہے اور آج تک اس کا فیصلہ نہیں ہو سکا ہے۔ تقریباً ساٹھ فیصلے جو شریعت کورٹ نے دیئے ہیں، وہ اپیل میں چلے گئے ہیں، ۱۹۸۵ء کے پہلے بھی اور ۱۹۸۵ کے بعد بھی فیصلے ہوئے ہیں، یہ سب معلق ہیں، اس بات کی ضرورت ہے کہ کسی نہ کسی وقت کا تعین کیا جائے کہ اپیل کتنی مدت کے اندر طے ہو جانی چاہیئے۔ خالد اسحاق صاحب نے اس معاملے میں بڑی اچھی تجاویز دی تھیں اور خود انہوں نے سینٹ کو پرائیویٹ شریعت بل پر اپنی رائے بھیجی تھی، اس میں انہوں نے اس بات کا اظہار کیا تھا کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ فیڈرل شریعت کورٹ کو بھی یہ موقع دیا جائے کہ وہ یہ طے کرے کہ آیا کسی معاملے میں، کسی خاص مدت کے اندر اندر اپیل کی جا سکتی ہے یا نہیں اور پھر سپریم کورٹ جو ہے اسے یہ موقع دیا جائے کہ وہ injunction دے سکے اس بات کا کہ آیا اس پر عمل مؤخر کیا جائے یا نہ کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ چھ مہینے عمل مؤخر کیا جا سکے تاکہ سپریم کورٹ چھ ماہ کے اندر فیصلہ کر سکے اور اگر ضرورت پڑے تو سپریم کورٹ مزید چھ ماہ کے لیئے اسے extend کر دے، اس سے زیادہ کی گنجائش نہیں ہونی چاہیئے تاکہ لازماً ایک سال کے اندر فیصلہ

ہو جائے ۔ یہ بڑی معقول تجویز ہے لیکن اس آرڈیننس میں فیڈرل شریعت کورٹ کے لیئے یا ہائی کورٹ کے لیئے تو ساٹھ دن کی حد مقرر کی گئی ہے لیکن سپریم کورٹ میں اپیل کے فیصلہ کے لیئے کوئی حد مقرر نہیں کی گئی جس کے بغیر پورا کام جو ہے وہ تعویق میں پڑ جائے گا اس لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ نمبر ۲ ترمیم کی جائے اس کلاز ۴ کے اندر، جس کے تحت خود سپریم کورٹ کو بھی معقول انداز میں اختیار دیا جائے کہ وہ اگر چاہے تو چھ مہینے کے لیے enforcement کو روک سکتی ہے اور اس زمانے میں وہ فیصلہ کر دے جو extendable ہو سکتا ہے مزید چھ مہینے کے لیئے لیکن اس زمانے میں لازماً فیصلہ ہو جانا چاہیئے تاکہ جو معاملہ بھی کورٹ کے سامنے آئے، وہ ایک معین وقت کے اندر طے ہو جائے ۔

تیسری چیز جناب والا! یہ ہے کہ پرائیویٹ شریعت بل نے بھی یہ بات کہی تھی اور ہالی پوتہ کمیٹی نے بھی یہ بات کہی کہ اگر کسی عدالت کے سامنے یہ مسئلہ اٹھا دیا جائے کہ فلاں قانون شریعت سے متصادم ہے تو وہ اس کے اوپر عمل روک دے گی، مسئلہ فیڈرل شریعت کورٹ کو refer کر دیا جائے گا یا ہائی کورٹ کو refer کر دیا جائے گا جس کی وہ jurisdiction میں ہے لیکن جب ایک چیز کے بارے میں معلوم ہو گیا کہ یہ شریعت کے خلاف ہے تو پھر کورٹ اس کے بارے میں کام نہیں کرے گی، فیصلہ نہیں دے گی ۔ اس پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ اس طرح دراصل سینکڑوں ہزاروں کیسز ہیں جو معلق ہو جائیں گے لیکن اس کا حل یہ ہے کہ آپ کورٹ کو ہی اختیار دیجئے کہ وہ یہ دیکھے کہ آیا یہ معاملہ اتنا substantive ہے، اگر substantive ہے تو پھر کورٹ کو injunction جاری کرنے کا اختیار ہونا چاہیئے اور اگر substantive نہیں ہے تو صرف اس صورت میں یہ ہو سکتا ہے کہ اس مسئلہ کا فیصلہ کر دیا جائے لیکن اصل قانون جو ہے وہ ریفر کر دیا جائے ۔ یہ تیسرا سقم ہے اس کے اندر اور لازماً ایک ترمیم اس میں ہونی چاہیئے، جس کے ذریعہ سے یہ بات کی جائے کہ عدالتیں ان تمام قوانین پر جو شریعت کی بنیاد پہ چیلنج کئے گئے ہوں فیصلہ کو روک دیں یا کم از کم ایک متعین مدت کے لئے اس کے اوپر عمل درآمد

[Prof. Khurshid Ahmed]

روکا جائے اور جب فیڈرل شریعت کورٹ یا ہائی کورٹ طے کر دے کہ اگر یہ قرآن و سنت کے خلاف ہے تو پھر لازماً اس کے مطابق فیصلہ نہیں ہونا چاہیئے۔ یہ اس قانون میں بڑا تضاد ہے کہ ایک طرف آپ کہتے ہیں کہ ہم شریعت نافذ کر رہے ہیں اور دوسری طرف آپ یہ کہتے ہیں کہ جہاں تک مروجہ قانون کا تعلق ہے۔ ان کے تحت جو فیصلہ بھی ہو، خواہ ان قوانین کے تحت ہو، جنہیں کہ فیڈرل شریعت کورٹ یا ہائی کورٹ قرآن و سنت کے خلاف قرار دے دیں، پھر بھی فیصلہ جو ہے وہ غیر اسلامی قانون کے تحت ہوگا اور اسے چیلنج نہیں کیا جائے گا حتیٰ کہ وہ تمام معاملات جو کہ آرڈیننس کے نفاذ کے بعد رونما ہوئے ہیں، ان سے پہلے کے تمام معاملات، اگر قانون کو چیلنج بھی کیا جاتا ہے، تب فیصلہ ان کا جو ہے، وہ اسی، ماقبل قانون کے مطابق ہوگا، یہ ایک تضاد ہے۔

اسی طرح یہ بھی تضاد اس کے اندر موجود ہے کہ ایک طرف ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم سود کے بارے میں، ہائی کورٹ کو jurisdiction دے رہے ہیں لیکن دوسری طرف یہ اعلان کرتے ہیں کہ ملک میں بھی اور ملک کے باہر بھی، سود کا نظام، مع جو بھی سود ماضی میں حاصل کیا گیا ہے اور جو رقوم ہیں وہ تمام کی تمام اس سے مستثنیٰ ہیں۔ جناب والا! ہمارے سامنے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح اسوہ موجود ہے کہ سود کی حرمت کے بعد، آخری حج کے موقع پر انہوں نے صاف اعلان کیا کہ سود حرام ہے، اور ماضی میں جن لوگوں نے سود پر معاملہ کیا ہے، وہ صرف اپنی اصل رقم لینے کے حق دار ہیں، سود لینے کے حقدار نہیں اور انہوں نے کہا کہ میں سب سے پہلے بنو عباس کی طرف سے اعلان کرتا ہوں کہ سود کی ساری رقم آج سے ساقط ہیں۔ یہ ہے اسلام کا نظام۔ اگر ہم فی الحقیقت شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں تو یہ شریعت نافذ کیجئے لیکن یہ بڑا عجیب معاملہ ہے ایک طرف آپ کہتے ہیں کہ ہم شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں اور دوسری طرف آپ اتنے استثنٰے پیدا کر دیتے ہیں۔ تو یہ ایک تناقض ہے اسے لازماً ختم ہونا چاہیئے۔

جناب والا! اس کے بعد اس امر پر بھی غور ہونا چاہیئے کہ پرائیویٹ شریعت بل میں اور سپریم کورٹ، ہائی کورٹ کے فیصلوں میں، میرے پاس وہ

فیصلے موجود ہیں، یہ بات کہی گئی ہے کہ شریعت کی تعریف اور تعبیر اس کے بارے میں واضح ہدایت ہونی چاہیئے۔ پرائیویٹ شریعت بل نے بہت clear الفاظ میں یہ بات کہی تھی کہ قرآن و سنت ملک کا بالاتر قانون ہے۔ جہاں تک پرسنل لاء کا تعلق ہے ہر فرقے کو، ہر مذہبی مسلک کو اپنے اپنے فرقے کے مطابق تعبیر کا حق حاصل ہے۔ یہ دستور میں موجود ہے اور شریعت بل میں بھی موجود ہے۔ لیکن جہاں تک پبلک لاء کا تعلق ہے شریعت کی تعبیر میں مسلمہ اصول تفسیر ہیں اُن کا پاس کیا جائے گا اور جو متفقہ فیصلے فقہاء کے ہیں ان کی روشنی میں ان سے استفادہ کرتے ہوئے معاملات کو طے کیا جائے گا۔ یہ اس لئے ضروری ہے کہ interpretation of statute ایک بڑا اہم موضوع ہے اور اگر شریعت کے بارے میں آپ اس اصول کو طے نہیں کرتے ہیں تو پھر ایسے افراد جو پورا علم نہ رکھتے ہوں یا ایسے افراد جنکے دوسرے مقاصد ہوں وہ تعبیر کے نام پر، اجتہاد کے نام پر قانون کے بخیئے ادھیڑ سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے ایسی مثالیں بھی موجود ہیں ہماری عدالتوں نے اپنی شاید لاعلمی کی بنیاد پر ایسے فیصلے کئے ہیں جو قرآن کے احکام اور سنت کے خلاف ہیں۔ بلاشبہ ان پر احتجاج ہوا اور ان پر علماء نے لکھا اور ان میں سے بہت کی تصحیح ہوگئی لیکن یہ بات بہت ضروری تھی کہ تعبیر کے اصول کو لایا جائے اور جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہالی پوتہ رپورٹ اور 9 رجون کے اس ڈاکومنٹ پر ان سب کے دستخط ہیں۔ جس میں یہ بات موجود ہے کہ تعبیر کا یہ اصول تسلیم کیا جائے گا۔ لیکن جب آپ اصل آرڈیننس کو دیکھتے ہیں تو وہاں تعبیر کا یہ اصول موجود نہیں ہے۔ تو اس بات کی بھی ضرورت ہے کہ ترمیم کے ذریعے تعبیر کے اس اصول کا اسکے اندر اضافہ کیا جائے۔

پھر جناب والا! یہ بھی دیکھئے کہ اس میں مفتیوں کا ادارہ create کیا گیا ہے۔ میں اصولاً اس کے خلاف نہیں۔ صحیح حل تو یہ ہے کہ ہماری قانون کی تعلیم بدلے ہمارے ججز کے لیئے ایسے پروگرام ہوں۔ تاکہ وہ دینی علوم سے آراستہ ہوسکیں۔ عدلیہ میں علماء کو لایا جائے جس طرح فیڈرل شریعت کورٹ میں لایا گیا ہے۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

سپریم کورٹ کے شریعت بنچ میں لایا گیا ہے اور اس طرح ہماری عدالتوں میں جدید علوم کے جاننے والے اور دینی علوم کو جاننے والے موجود ہوں اور یہ مل کر کے فیصلے کریں۔ یہ راستہ ہے صحیح لیکن جب تک یہ نہیں ہوتا ہے مفتی بحیثیت صاحب الرائے مقرر کرنا مناسب ہے۔ لیکن ان مفتی حضرات کو جس انداز سے اس قانون میں لایا گیا ہے اور ان کا آنا on the sweat will of the president پر منحصر ہے ان کو کوئی تحفظ نہیں۔ عدلیہ کے ساتھ یہ مذاق ہے۔ عدلیہ میں آپ جس کو بھی induct کریں اس کو آپ یہ تحفظ دیں کہ وہ ایک ضابطے کے مطابق آئے گا اور ضابطے ہی کے مطابق اس کے ساتھ کوئی معاملہ ہو سکتا ہے۔ Arbitray power discretion any powers جو ہیں یہ ہر جگہ خراب ہے لیکن عدلیہ میں تو بہت زیادہ خراب ہے۔ اور پھر اگر آپ دین کے معاملات میں یہ راستہ کھول دیں گے تو آپ بگاڑ کی طرف جا رہے ہیں اس لئے میں پورے ادب کے ساتھ یہ عرض کرونگا کہ اس کا یہ حصہ تبدیل ہونا چاہیئے۔

جناب والا! اس کے اندر بڑی دلچسپ heading ہے اور وہ یہ ہے کہ Expeditious Codification of Islamic Laws (Clause 12) میں نے بڑے شوق سے اور بڑے غور سے اس کا مطالعہ کیا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ خود ہالی پوتہ رپورٹ میں بھی اس مسئلہ پر گفتگو کی گئی ہے اور انہوں نے بھی غالباً دفعہ ۱۴ میں اس مسئلے کو بیان کیا ہے اور بڑی اچھی اور مؤثر تجویز دی ہے کہ

(2) The President shall, within thirty days from the commencement of this Ordinance, appoint a Commission consisting of educationists, ulama and elected representatives of the people to prepare a report, to be submitted to the President within a period of one year from the date of its appointment, containing suggestions and recommendations to Islamize the existing educational system, to redesign and retailor the courses and curricula of all social sciences, humanities, physical sciences and other fields of knowledge on the basis of Islamic Ideology, teachings and cultural and educational traditions of Islam and to suggest other suitable measures to develop an eudcational tradition based on harmonious and all-round development of an ideal Islamic personality and society.

اس کا مطلب یہ تھا کہ فی الحقیقت codification of Islamic Laws جلدی ہو سکے۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے پچھلے گیارہ سال میں جو رپورٹیں دیں وہ سب کی سب pending پڑی ہیں۔ وزارت انصاف و پارلیمانی امور اُن پر

ہو رہی ہے۔ ان کی بنیاد پر کوئی مسودہ قانون پارلیمنٹ میں نہیں آیا ہے۔ فیڈرل شریعت کورٹ نے جن ۶۰ / ۶۵ قوانین کو شریعت کے خلاف قرار دیا ہے ان میں سے چند کو چھوڑ کر باقی تمام یا اپیل میں ہیں یا معلق ہیں۔ لیکن اس آرڈیننس میں ستم ظریفی یہ ہے کہ heading تو یہ ہے expeditious codification of Islamic Laws لیکن جو وعظ کیا گیا ہے وہ یہ ہے۔

The Council of Islamic Ideology shall be urged to take urgent steps to fulfil its functions as envisaged by clause (c) (d) of Article 230 of the Constitution and the State shall take early steps to place the recommendations made by the Council before the Parliament.

آپ کو یاد ہو گا کہ دسمبر ۸۵ء میں اسلامی نظریاتی کونسل کی تمام رپورٹیں پارلیمنٹ کے سامنے پیش کر دی گئیں۔ لیکن دسمبر ۸۵ء سے آج آپ ستمبر ۸۸ء تک، انکی بنیاد پر ایک بھی مسودہ قانون پارلیمنٹ میں نہیں لائے۔ سوال یہ ہے کہ expeditious codification کی ذمہ داری کس پر پڑتی ہے۔ حالیہ رپورٹ بالکل صحیح کہتی ہے کہ یہ گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے۔ گورنمنٹ نے کوتاہی کی، پارلیمنٹ میں قوانین بنا کر لانے ضروری تھے۔ اس کے لئے وقت متعین ہونا چاہیئے کہ ایک سال کے اندر اندر جتنا کام بھی ہو گیا ہے خواہ وہ فیڈرل شریعت کورٹ نے کیا ہو یا اسلامی نظریاتی کونسل نے کیا ہے اسے آپ قانون کی شکل دے کر پارلیمنٹ میں لائیے۔ یہاں پر پھر ایک وعظ تو پلا دیا ہے لیکن کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی یہ راستہ expeditious codification کا نہیں۔

اسی طریقہ سے جناب والا! جو کمیشن بنائے گئے ہیں ان کے پاس کوئی اختیارات نہیں۔ یہ بات کہہ دی گئی ہے کہ supreme source of policy making بھی قرآن و سنت ہونگے۔ لیکن executive action جو ہے وہ عدلیہ کے سامنے نہیں آ سکتا۔ صرف legislation چیلنج ہو سکتی ہے لیکن executive action نہیں ہو سکتا۔ جبکہ پرائیویٹ شریعت بل اور حالیہ رپورٹ میں بات کہی گئی تھی کہ فیڈرل شریعت کورٹ کی jurisdiction وسیع کیجئے۔ اس نے پورا ایک کلاز رکھا ہے کہ کس طرح ایک راستہ ایسا نکالا جا سکتا ہے کہ ہم executive action کو

[Prof. Khurshid Ahmed]

بھی چیلنج کر سکیں ۔ اس کا آرٹیکل ۵ ہے additional jurisdiction in cases involving violation of Shariah. اور یہ ایک بڑا معتدل اور بڑا اچھا راستہ تھا ۔ لیکن آرڈیننس میں اس پوری کلاز کو نظر انداز کر دیا گیا ہے یہ بات تو کہہ دی گئی ہے کہ پالیسی بنانے کے لیئے وہ source ہوگا لیکن عمل کس طریقے سے ہوگا اور حکومت جو اقدام کرتی ہے ، جو ایکشن لیتی ہے ان کے لیئے Judicial review open کیا جائے شریعت کی بنیاد پر لیکن یہ دروازہ بند کر دیا گیا ہے ۔ حالانکہ یہ دروازہ کھلنا بہت ضروری ہے ۔ پرائیویٹ شریعت بل کا یہ بڑا اہم نکتہ تھا لیکن اس کو نظر انداز کرنا نفاذ شریعت کی راہ میں ایک رکاوٹ ہے ۔

اسی طرح جناب والا ! احتساب کے بارے میں بھی پرائیویٹ شریعت بل نے بھی اور خود ہائی پوتہ کمیٹی نے بھی یہ کلاز تجویز کی تھی کہ ان تمام معاملات کے اندر ... ، اس کی کلاز نمبر ۷ ہے ۔

Subject to the Constitution all functionaries of the Government shall be subject to the dispensation of Islamic justice and accountability.

اگر یہ کلاز اس آرڈیننس میں لائی جائے تو اس کے بعد پھر اس بات کا دروازہ کھل جاتا ہے کہ اسلامی بنیادوں کے اوپر public functionaries کے احتساب کا نظام وجود میں آجائے گا ۔ لیکن اس میں یہ راستہ بھی اختیار نہیں کیا گیا ۔

جناب والا ! کم و بیش یہ ۱۳ نکات ہیں جنہیں میں آرڈیننس کی کمزوریاں اور سقم قرار دیتا ہوں چونکہ اس آرڈیننس کی عمر چار مہینے ہے ، ۱۵ جون کو یہ نافذ ہوا ہے اور ۱۵ ؍ اکتوبر کو یہ ختم ہو جائے گا اور اس وقت تک نئی پارلیمنٹ وجود میں نہیں آئے گا ۔ اور یہ بہت بڑا سانحہ ہوگا کہ محض time-barred ہونے کی وجہ سے ، endorse نہ ہونے کی وجہ سے یہ آرڈیننس ختم ہو جائے گا ۔ اس لیئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ جو ترامیم میں نے پیش کی ہیں اور جو مشورے سینیٹ کے دوسرے ارکان نے اس بحث کے دوران پیش کیئے ہیں اور اسی طرح ایک کانفرنس علماء اور مشائخ کی پچھلے دنوں ہوئی تھی اس نے

بھی اس آرڈیننس کا جائزہ لیا اور کچھ مشورے دیئے ہیں۔ ان تمام کی روشنی میں موجودہ محترم صدر غلام اسحاق خان صاحب ایک فریش آرڈیننس لائیں جس میں substantive changes ہوں اور جس میں ان تمام ترمیمات کو accommodate کر کے فی الحقیقت ایک زیادہ مؤثر ایسا قانون بنائیں کہ جس کے ذریعے ہمارے قدم آگے بڑھیں۔ محض ہم march time نہ کرتے رہیں۔ میری نگاہ میں اس وقت اس قانون میں ان دو باتوں کے سوا کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو نفاذ شریعت کے لیئے مفید ہو سکتی ہو یا جو کسی نہ کسی شکل میں اس وقت بھی دستور یا قانون میں موجود نہ ہو۔ اس لیئے ایک substantive قانون بنایا جائے اور اس نئے آرڈیننس کو نافذ کریں اور پھر اس طریقے سے ہمیں مہلت مل جائے گی کہ آنے والی پارلیمنٹ اس آرڈیننس کو approve کرلے یا مزید improve کرلے۔ یہ وہ راستہ ہے جسے ہمیں اختیار کرنا چاہیئے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور جناب چیئرمین! آپ کا اور ایوان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: بہت شکریہ! ۔ شریعت آرڈیننس پر بحث جاری رہے گی۔ اب آج کے ایجنڈے کا آئٹم نمبر پانچ لیتے ہیں جو جاوید جبار صاحب نے اپنے ایک سوال سے اٹھایا تھا یہ Naclear power generation capability کے اوپر ہے۔

## MOTION U/R 58 *RE:* NUCLEAR POWER GENERATION CAPABILITY

جناب جاوید جبار: میں نے originally move کیا تھا۔ پھر جناب محسن صدیقی صاحب نے موشن دیا ہے۔ دیکھیئے آرڈر آف دی ڈے پر ان کا نام آگیا ہے۔ اگرچہ گزشتہ سیشن میں، میں نے کیا تھا۔ اب محسن صدیقی صاحب نے کیا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ٹھیک ہے۔ یہ محسن صدیقی صاحب کا ہے محسن صدیقی صاحب۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui** : Thank you, Sir. Mr. Chairman, in my Question No. 111 I had asked :

Will the Minister Incharge of the President's Secretariat be pleased to state :

(a) whether the Government has achieved the capability for nuclear power generation ?

The anwers was 'yes'. The second part of the question was :

(b) if the reply to (a) is in affirmative, the details of the nuclear based power projects under taken so far ?

Now for this a long statement has been given and if we go through it in detail I do not find any project, I do not find any proposal, I find a verbose, a conglomeration of words and phrases and nothing else. Therefore, this answer besides being vague and evasive tended to misguide the House and the public and therefore, it necessitated me to give this resolution.

Now if we go through this reply in detail then we find that when the learned Minister says that they have achieved the capability for nuclear power generation, we respect it that he will come out with some project which is in hand or completed or under completion where Pakistan will generate nuclear power by its own resources or by imported equipment, no such instance has been quoted in this behalf. Secondly, he says that the energy sector has been given top priority. Now, I happened to lay my hand on the economic survey which was published by the Ministry of Finance and a copy where of was supplied to us relating to year 1987-88. It says in its chapter VIII at page 131 that the actual development in the energy sector expenditure during the 6th Five year Plan in now estimated at Rs. 78.9 billion out of the total estimated public sector expenditure of Rs. 116.5 billion. The shortfall is mainly due to lesser utilization of funds by the Pakistan Energy Commission and fall in expenditure on power generation. Now, at one place he says that we are giving top, priority. In the same he also mentions directly as well indirectly financial constraints and when the 6th Five Year Plan was allocated 116.5 billion, what is the reason that only 78.9 billion were utilized and almost 38 billion rupees were not utilized. This shows that the Atomic Energy Commission and all those who are in the supervisory jurisdiction of this body are just trying to play with the sentiments of the public they are creating nuclear power generation and actually they are doing no work because any organization worth the name for such a vital part of our economy and our social economic life would have given full attention to at least utilize, we know we have financial constraints, we know that we have technological constraints but when the finance is available and you say that you have developed technology then why they are not utilized.

Sir, I want to request to the Minister concerned, of course he is not available today that he should in future before he reads the statement which has been prepared by a particular department on a particular commission or authority he should verify whether they actually have the facts because these two documents, his statement which, of course, must have been prepared by the Atomic Energy Commission and the economic survey prepared by the Ministry of Finance are in direct contradiction with each other. Now another point that deserves consideration is that he is harping on the nuclear power plant at Karachi which was donated 100 percent by Canada. But due to circumstances beyond our control, subsequently due to political reasons and other considerations the Candian Government has completely stopped supplies and all that. This plant is intermittently working and closing. Now the capacity of this plant is 137 megawatt but actually it has been producing 70 to 80 megawatt only since 1982 and that also if it works for two months then it is closed for six months. I know it personally, if it works for six months then it is closed for 1/1-2 year. Is it the way to handle it ? It is a prestigious project, it is a useful project, you can't run it on its almost half capacity and you want to add laurels to your cap that you are operating this plant. What operation you have ? Any operation below 80% of the rated capacity is supposed to be a most inefficient organization, most inefficient from any standard whether you take the most industralized countries or the Third World countries; less than 80% operational capacity is always considered to be inefficient and is uneconomic as well. It is uneconomic because economics as you will agree with me, increases with the capacity, if you use certain raw material, certain parts, certain staff for 137 megawatt and you actually produce 70, then the cost of production in direct proportion and ratio increases with the result that it becomes as uneconomic unit also.

Now the 4th point that comes out is that he says that this plant which is also said with trumpets and laurels, is meeting 10% of the energy requirement of Karachi which is also not correct. If you take the total generation and utilization of energy in Karachi and the contribution of the megawatts made by this it will be hardly 5 percent.

Now the 5th point that occurs to me is that he says that they are trying to have self-reilance and have their people trained and make their own equipment of powers or something like that. There are no details of any plan for such a project and no specific period has been mentioned. It is just like a poet giving a poetic version of a scientific knowledge or a scientific project and I would say both go so contradictory, they both are so contradiction to each other that in scientific matter poetry or verbal vollies do not held and in this matter I would humbly submit that the reply is not only poor in fact but actually it is a negation of the question and they have tried to side track the question.

Now I was also very critical as to why one particular person who has hardly any specific atomic energy or atomic physics qualification should preside for 16 years with three extensions already given. That means all good people down in stream, have retired or going to retire and he has not been able to produce by his own Commission even I megawatt of energy but is charging/operating only one energy project and that too is a donated one. If you can run it for someting this is not something you have created, it is not something for which you can be proud of, it is not something which belongs to Atomic Energy Commission, it is something that you got as a gift and you are unable to use the gift even to its 50% capacity.

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

I would further invite your attention Sir, and through you the attention of the honourable Minister that in 1982 the Commission planned to set up 4–5 nuclear plants before the year 2000 but there is no progress in this connection, no initial work has been done, and no steps have been taken. The result is that we are where we were in 1982. It was said that this 900 megawatt nuclear power plant at Chashma could not be implemented because of the political pressures and the countries which could participate in the tender or the countries which could build such a plant for us are not forthcoming. In the same breath it is said that France has agreed to supply us such a plant but they are waiting for a dispute or a contract for Reactor which was entered into by the previous government. Now, instead of going through legal quibblings delaying that arbitration matter why not settle that matter on the table as a businessman with France and place order for this Chashma Barrage 900 megawatt plant when they have agreed. If you read the reply, it occurs to one that at one hand you say that the French Government is ready to give you this nuclear plant at Chashma 900 megawatt and at the same time you say there is a dispute between us and the matter is proceeding and you allow that matter to proceed in due course ; the result is that this vital part of our economic life. . . . . because, as you will agree with me that electricity is one which is not only necessary for daily life but for all your industrialization, all your future programmes and unless you make yourself sufficient even if you have to settle that case at say 10% less you have to do because you will gain here your main object is not those 10% more compensation. Your main aim should be that how soon, how quick and how effectively you can generate atomic energy and when they are prepared to give this 900 megawatt plant. Through you Sir, I will urge that those matters which are holding the dispute should be settled immediately and you should sign immediately with France who is prepared to give you this plant without signing the treaty.

It is high time Sir, that the whole concept of production of atomic energy should go under a radical change. If you allow it is the hands of those who have played with it like a toy for the last 16 years you will achieve no results. You can wait for another 16 years and you will not produce even one megawatt of energy through nuclear power and during Question Hour I suggested that all over the world wherever you go whether it is in a highly industrialized society like Eurpoe and America or it is a deveoped country like some of the countries in South America and even in South Africa they have developed their own technology and today they are generating atomic energy through private sector. If your bureaucratic set ups are unable to cope with such a situation why not to invite the private sector ; they will beg, borrow, steal, do anything but will bring the technology, the equipment and instal it but it is a dog in the manger policy, neither they do nor do they allow others to do which is something very very shameful for this nation and specially in a sector where we are suffering most. I would also suggest that a situation has come when a high powered committee be constituted with elected representatives so that they can take a complete survey and examination of the failings, defaultings, their lacunas, the difficulties, the bottlenecks and the constraints and then they can suggest via media how to cover it . Simply just trying to defend an institution or a body or a department which has miserably failed to discharge its duties and has dis-appointed the nation for the last 16 years how you can expect from them that they will deliver the goods in another 16 years.

My humble submission will be for a crash programme like one we had for Kahuta. How Kahuta is working now ? We have been able to achieve our very cherished object because there was a dedication, because there were people who were like heremits, they were concentrated in the sense working for that day and night and with that we have achieved some results and everybody in this country inspite of the fact that none of them know the details but still people are proud of it. But so far as this institution is concerned it requires complete revamping, complete change not only of the personnel but of the attitudes and there are people of Pakistani origin all over theworld I know half a dozen of them who are experts in atomic energy, who have Ph. D. degrees in atomic physics, who have been working in the atomic plants all over the world and they are drawing very very huge salaries and they are prepared to come back at the cost of their personal convenience, at the cost of their present salaries and to help Pakistan because they are as good Pakistani, have love for Pakistan in them rather more because they are bit away and they are very unhappy when they hear that Pakistan is unable to produce atomic energy.

With these submissions Sir, I hope the record of my speech may kindly be sent to the honourable Minister Incharge so that he in his wisdom gives us some solution to solve this problem. I thank you.

**Mr. Acting Chairman** : Thank you. Mr. Sartaj Aziz.

**Mr. Sartaj Aziz** : Thank you. Mr. Chairman. As you know Rule 58 allows only half an hours time for the subject like this and twenty eight minutes are already over. So, I can only speak for a couple of minutes. As suggested by the members, the views and suggestions would be forwarded to the Ministry and the Organization concerned.

I would only say that many of the subjects and questions raised go far beyond the purview of Rule 58 which deals with the matter in a more limited way. If the honourable member wants to discuss the overall energy policy of the government and the role that Atomic Energy should play, there are other methods by which that discussion can be raised. My main suggestion would be that the Senate Committee on this subject might find, rather than setting up a separate Committee, to take up this subject and at that stage the suggestions which have been made could be taken into account. Although for want of time I can not deal with the issue directly but the fact that a certain allocation was not utilized fully does not necessarily mean that the government is not giving importance to the energy sector because in the hydraulic sector and many thermal sectors the total amount of money spent in the sixth 5 year Plan and in the 7th Plan is far greater than the preceding four plans, therefore, the energy sector is receiving importance and in this particular sector—Atomic Energy—the constraints are much more than financial and the honourable member himself suggested to them similarly the suggestions which have been made about the competence or qualifications etc., or the personnel policy of the government with regard to Atomic Energy Commission is another subject which requires different kind of treatment.

[Mr. Sartaj Aziz]

I think, the member's perception about the kind of diplomatic and commercial deals we can make with France is probably oversimplified to say the least because the issue of Atomic Energy *vis-a-vis* the international community has been a very very complex and sensitive subject and it is the kind of subject which a close-door meeting like the Senate Committee might be able to deal with better because then the government can discuss more openly how the negotiations have gone on and so on and so forth. So, while thanking the member I will suggest that the matter may be taken up in the Senate Committee on the subject.

**Mr. Acting Chairman :** Thank you. Call Attention Notice moved by Mr. Javed Jabbar.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** Point of order. Sir, I draw your attention to quorum because nobody is taking interest then why should we waste our time?

**Mr. Acting Chairman :** That is right, everybody must take interest in the proceeding. Mr. Javed Jabbar, on a "Bomb blast in Khyber Mail".

**Mr. Shad Muhammad Khan :** There is a question of quorum Sir.

**Mr. Acting Chairman :** Mr. Javed Jabbar Sahib please.

**Mr. Javed Jabbar :** Under the rules.........................................

**Mr. Shad Muhammad Khan :** Now, I draw your attention again on the quorum Sir. If the quorum is complete we will go on Sir, otherwise not.

*(At this stage the quorum bell was rung)*

**Mr. Acting Chairman :** I am sorry, I am dictated by the rules and 1/4th membership is necessary. Now, the House stands adjourned again to meet on Saturday at 5.00 p.m. Thank you.

---

*(The House adjourned to meet again at 5 of the clock in the evening, on Saturday, September 10th, 1988).*

---

PCPPK–Litho/2492/88-89/Senate–18-11-92–300 Books.